SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, February 23, 2010

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at three minutes past eleven in the morning with Mr. Chairman (Mr. Farooq Hamid Naek) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ ٱللّٰهِ ٱلرَّحْمٰنِ ٱلرَّحِيْمِ

لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِى رَسُولِ ٱللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُوا۟ ٱللَّهَ وَٱلْيَوْمَ ٱلْءَاخِرَ وَذَكَرَ
ٱللَّهَ كَثِيرًاO وَلَمَّا رَءَا ٱلْمُؤْمِنُونَ ٱلْأَحْزَابَ قَالُوا۟ هَٰذَا مَا وَعَدَنَا ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَصَدَقَ
ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ ۚ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّآ إِيمَٰنًا وَتَسْلِيمًاO مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا۟ مَا
عَٰهَدُوا۟ ٱللَّهَ عَلَيْهِ ۖ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُۥ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوا۟ تَبْدِيلًاO
لِّيَجْزِىَ ٱللَّهُ ٱلصَّٰدِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ ٱلْمُنَٰفِقِينَ إِن شَآءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ
كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًاO

ترجمہ: البتہ تمہارے لیے رسول اللہ میں اچھا نمونہ ہے جو اللہ اور قیامت کی امید رکھتا ہے اور اللہ کو بہت
یاد کرتا ہے اور جب مومنوں نے فوجوں کو دیکھا تو کہا یہ وہ ہے جس کا ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے

وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا اور اس سے ان کے ایمان اور فرمانبرداری میں ترقی ہو گئی۔ ایمان والوں میں سے ایسے آدمی بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا اسے سچ کر دکھایا پھر ان میں سے بعض تو اپنا کام پورا کر چکے اور بعض منتظر ہیں اور عہد میں کوئی تبدیلی نہیں کی تا کہ اللہ سچوں کو ان کے سچ کا بدلہ دے اور اگر چاہے تو منافقوں کو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول کرے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

(سورۃ الاحزاب آیات 21 تا 24)

Questions and Answers

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ We may now take up questions. Question No. 19 of Abdur Rahim Mandokhel Sahib.

19. *Senator Abdur Rahim Khan Mandokhail: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) whether the Government has re−instated all the sacked employees of Intelligence Bureau in pursuance of the provisions of Sacked Employees (Re−instatement) Ordinance, 2009; and

(b) whether it is a fact that those reinstated employees are neither being paid monthly salaries on regular basis nor they have been paid other financial benefits admissible to them under the said ordinance, if so, its reasons and the time by which the same will be paid to them?

Minister Incharge of the Cabinet Division: (a) Yes. The re−instatement of sacked employees in Intelligence Bureau has been made under Sacked Employees (Re−instatement) Ordinance, 2009.

(b) The reinstated employees in Intelligence Bureau are being paid their monthly salaries on regular basis.

It may be mentioned that in accordance with the ordinance, Intelligence Bureau reinstated the sacked employee in one scale higher of their substantive pay scales they held at the time of termination of their services. However, AGPR raised objections to the placing of reinstated employees in one scale higher and asked for the endorsement of Finance Division. Accordingly, Intelligence Bureau referred the case to Finance Division for endorsement as demanded by AGPR. Afterwards, the Finance Division while issuing instructions to AGPR to release the provisional pay of reinstated employees, advised Intelligence Bureau to refer the case to Anomaly Committee for guidance / clarification. Accordingly, the issue was referred to Anomaly Committee.

The advice of the Anomaly Committee has been received on 19-01-2010. In the light of advice of Anomaly Committee, Intelligence Bureau has approached the Finance Division with the request to issue further necessary instructions to AGPR to pay the monthly salaries to the reinstated employees in one scale higher.

As regards the payment of other financial benefits admissible to the reinstated employees, like the arrears for three years in three equal installments the Intelligence Bureau has requested the Finance Division to release the requisite funds. The same are yet to be provided by the Finance Division. However, Intelligence Bureau is vigorously pursuing the case with concerned authorities in Finance Division for early release of requisite funds. The due installments will be paid to the reinstated employees when the funds are received from the Finance Division.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! یہاں پر اہم بات یہ ہے کہ Finance Division نے ادائیگی کرنی ہے اور اس پر تمام فیصلے ہو چکے ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: مندوخیل صاحب ایک منٹ، کھوسہ صاحب موجود نہیں تھے، وہ آ گئے ہیں۔ جی supplementary پوچھ لیں۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: میرا supplementary question یہ ہے کہ جو جواب دیا گیا ہے اس میں Finance Division میں arrears کا بھی فیصلہ ہو گیا ہے۔ وزیر صاحب بتائیں گے کہ مجموعی طور پر یہ ادائیگی کب تک ہو گی؟

جناب چیئرمین: جی Advisor Sahib یہ سوال نمبر 19 ہے، انہوں نے ادائیگی کی بات پوچھی ہے کہ کب تک ادائیگی ہو گی؟

سردار لطیف خان کھوسہ (مشیر وزیراعظم برائے کابینہ امور): جناب چیئرمین! یہ Finance Division کو لکھ دیا گیا ہے اور یہ ادائیگی تین سال کی تھی، پہلی ادائیگی جو arrears کی تھی اس پر بھی Finance Division کو لکھا گیا ہے، یہ جلد ہو جائے گی۔ اس کے بعد دوسری ادائیگی بھی January, 2010 میں due ہو گئی ہے۔ چونکہ Finance Division نے کچھ objections کیے تھے، ہم نے ان کو دوبارہ لکھا ہے کہ اس کو ادا کیا جائے that will be done very soon اور انشاءاللہ یہ ادائیگی جلد ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر ابراہیم صاحب۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: شکریہ جناب چیئرمین۔ میرا سوال یہ ہے کہ Finance Division کو لکھے ہوئے کتنا عرصہ ہوا ہے اور جلد کی کوئی limit مقرر کی جا سکتی ہے کہ جلد کتنے عرصے کو کہتے ہیں اور کب تک یہ ادائیگی ہو گی؟

جناب چیئرمین: جی Advisor صاحب۔

سردار لطیف خان کھوسہ: جناب والا! یہ تو Finance Division والے ہی بتائیں گے، میں اس میں تو نہیں بتا سکتا لیکن ہم نے اس کو pursue کیا ہے، ہم نے ان کو تین خطوط لکھے ہیں کہ ان کو جلد ادائیگی کی جائے۔

جناب چیئرمین: سوال یہ ہے کہ لکھے ہوئے کتنا وقت ہو گیا ہے؟

سردار لطیف خان کھوسہ: جناب والا! جب AGPR نے objection کر دیا تو یہ Anomaly Committee کو refer ہوا، Anomaly Committee نے کہا کہ ان کو payment کی جائے because consistency ہونی چاہیے اور اس کی compliance ہونی چاہیے۔ ہم نے Anomaly Committee کی compliance کرتے ہوئے ان کو ایک ہفتہ ہو گیا ہے دوبارہ letter لکھ دیا ہے،

next Question, Maulana Gul Naseeb Sahib. Yes, on behalf, جی زاہد صاحب۔ زاہد صاحب Question number پڑھ لیجئے گا۔

30. *Senator Moulana Gul Naseeb Khan: Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to construct new dams on river Swat and river Panjkora in Malakand Division, if so, its details?

Raja Pervaiz Ashraf (Minister for Water and Power) : There is no .may proposal for construction of new dams on Swat and Panjkora rivers by WAPDA.

However, Ministry of Water and Power has assigned Munda Dam Project on Swat river to WAPDA for Detailed Engineering Design and Construction which will be initiated after clearance court cases.

Mr. Chairman: Answer taken as read, any supplementary?

سینیٹر محمد زاہد خان: میرا honourable Minister Sahib سے سوال ہے کہ دو دریاؤں کا کہا ہے سوات اور دیر کہ اس پر کوئی ڈیم کی بات ہے۔ انہوں نے ایک کی بات کی ہے کہ منڈا ڈیم ہمیں سونپا گیا ہے لیکن یہ معاملہ ابھی عدالت میں ہے۔ یہ کیا مطلب ہے؟ عدالت میں کیوں ہے اور اگر عدالت میں ہے تو وزارت اس کے لیے کیا کر رہی ہے کیونکہ یہ چھ سات سال سے منڈا ڈیم زیر التواء ہے۔ ابھی تک اس پر کام شروع نہیں ہوا ہے جبکہ ابھی تک ملک میں بجلی کا بحران ہے اور سستی بجلی تو ہائیڈل سے ہی مل سکتی ہے۔ اس پر Ministry کیا کر رہی ہے؟ سپریم کورٹ میں جا رہی ہے یا ڈسٹرکٹ کورٹ میں application دے رہی ہے کہ اس کا جلدی ازالہ ہو تا کہ اس پر کام شروع ہو۔

جناب چیئرمین: ٹھیک۔ جی Minister Sahib.

Raja Pervaiz Ashraf: Thank you, Mr. Chairman. Mr. Chairman,

منڈا ڈیم درائے سوات پر ہے۔ اس کی ابھی detailed engineering and feasibility report تیار ہو رہی تھی۔ یہ پراجیکٹ 2001ء میں initiate کیا گیا تھا۔ اس کے بعد اس کی feasibility report تیار کرنے والی کمپنیز نے کوئی civil suit کیا تھا۔ اب Government of Pakistan اس میں پارٹی ہے۔ اس کو اب واپڈا کو دے دیا گیا ہے۔ پہلے یہ private sector میں لایا گیا تھا لیکن اس میں کچھ پیچیدگیاں ایسی تھیں کہ ممکن نہیں تھا کہ وہ اس کام میں آگے بڑھیں۔ اب کورٹ میں کیس ہے اور ہم اس کو contest کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر صفدر عباسی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب میں راجہ صاحب کی اس بات سے یقیناً اتفاق کرتا ہوں کہ واپڈا کا اس وقت کوئی پراجیکٹ نہیں ہے لیکن آج پاکستان میں لوڈشیڈنگ کے problem میں یہ بہت ہی ضروری ہے کہ Run of the river ہائیڈل پراجیکٹس پاکستان کے اندر لائیں، کسی بھی حوالے سے۔ میں ان کی توجہ 1994 کی پاور پالیسی کی طرف دلانا چاہوں گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے 1994ء میں ایک پاور پالیسی دی تھی جس میں تین makes تھے۔ ایک ہمارا IPPs تھا جس کا اس وقت بہت چرچا ہوا، بہت زیادہ criticism بھی ہوا کہ جی کھا گئے، دوڑ گئے یہ ہو گیا لیکن آئی پی پیز میں جو تین ہزار میگاواٹ اس وقت لگے وہ آج تک آپ کے کام آرہے ہیں لیکن اس وقت کیا تھا کہ اس کے ساتھ ساتھ دو چیزیں اور دی گئیں تھیں۔ ایک یہ Run of the river پر 72 sites identify کیے گئے تھے ہمارے این ڈبلیو ایف پی میں جہاں پر Run of the river projects at feasible sites تھے وہ 72 تھے اور اس کے ساتھ coal کے ساتھ بجلی کا منصوبہ تھا لیکن چونکہ یہ ہائیڈل کا مسئلہ ہے۔ میں راجہ صاحب کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ Kindly وہ اگر اس power policy میں جائیں اور ان identified sites پر پراجیکٹ لگانے کے لیے investors کو لائیں تو یہ پاکستان کی بہت بڑی service ہو گی اور اس سے آنے والے دنوں میں بہت فائدہ ہو گا۔ میں

چاہوں گا وہ اس میں جائیں اور دیکھیں۔ اگر ان کی اس مسئلے پر study ہے تو ہاؤس کو بتائیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔

جناب چیئرمین: جی .Minister Sahib

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! میں بالکل honourable member کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ ہمیں اپنے energy resources کو balance کرنا ہے جو کہ اس وقت totally imbalanced ہے۔ اور ہماری 1994ء کی power policy تھی---

جناب چیئرمین: اس کو آپ دیکھ لیجئے جیسے انہوں نے suggest کیا۔

راجہ پرویز اشرف: وہ اس وقت بھی guiding star ہے اور identified sites for hydro generation کے لیے اس پر کام ہو رہا ہے لیکن unfortunately law and order situation and its ground realities کو مد نظر رکھتے ہوئے investment اس لحاظ سے نہیں آرہی لیکن میں honourable member سے یہ ضرور عرض کرنا چاہوں گا کہ ہم نے بڑی تیزی کے ساتھ دیامر بھاشا پر جو ساڑھے چار ہزار میگاواٹس کا ہے اور اس طرح کنجی ڈیم کے لیے بھی Chinese government کے ساتھ MOUs ہو چکے ہیں and they have shown the interest. Neelam–Jehlum Run of the River پر کام شروع ہو چکا ہے اور اس کی اب tunnel بھی بننی شروع ہو گئی ہے۔ اسی طریقے سے کوہالہ پر بھی کام شروع کر دیا گیا ہے اور باقی آزاد کشمیر میں بھی Run of the River پر چھوٹے چھوٹے projects ہیں سو اور دو سو میگاواٹس کے، ان کو بھی ہم بڑے vigorously لے رہے ہیں اور انشاء اللہ ہماری یہ خواہش ہے کہ hydrogeneration ہمارے سسٹم میں زیادہ سے زیادہ آئے۔

جناب چیئرمین: جی بلور صاحب۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: Thank You Mr. Chairman. Sir honorable Minister sahib سے میں یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے فرمایا 2001ء سے منڈا ڈیم controversial بنا ہوا ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ الحمدللہ اب ہماری judiciary بڑی fair judiciary ہے تو as a special case request کر کے اور اس کیس کو لگوا کر فیصلہ کروا لیا جائے کیونکہ .It is need of the time ہمیں اس وقت بجلی کی

بہت ضرورت ہے اور اس کو جلدی سے جلدی کرایا جائے۔ یا تو پھر صوبوں کے حوالے کیا جائے کہ وہ کچھ کرے اگر وہ خود نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے آپ کی suggestion نوٹ کر لی، وزیر صاحب یہ نوٹ کر لیجئے گا۔ حافظ رشید صاحب! آپ کا کوئی سوال ہے؟ suggestion ہے یا سوال ہے؟

سینیٹر حافظ رشید احمد: نہیں سوال ہے 32 ہے۔

جناب چیئرمین: سوال کیجئے بسم اللہ، سوال کیجئے۔ زاہد صاحب please آپ بیٹھ جائیں۔ جی مندوخیل صاحب۔ حافظ صاحب! please بیٹھ جائیے۔ مندوخیل صاحب کے پاس floor ہے آپ چونکہ تیار نہیں ہیں۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: دریائے سوات اور پنجکوڑہ کے ہوتے ہوئے کیسے حکومت اور واپڈا نے ہائیڈل کا کوئی project نہیں بنایا حالانکہ بجلی کی اتنی ضرورت بھی ہے۔ کیا وزیر صاحب اس بارے میں کچھ بتا سکتے ہیں کہ کیا وجوہات ہیں؟

جناب چیئرمین: جی۔ سوال آگیا جی، وزیر صاحب جواب دے دیجئے please.

راجہ پرویز اشرف: یہ بالکل حقیقت ہے کہ بہت لمبے عرصے تک کوئی بھی ہائیڈل پراجیکٹ، خاص طور پر کوئی بڑا پراجیکٹ، بڑا ڈیم initiate نہیں کیا جا سکا اور اب جیسے میں نے پہلے گزارش کی ہے کہ ہم اب اس کو بڑی تیزی کے ساتھ ان hydel projects کو لے رہے ہیں۔ جن میں، میں نے پہلے بھی بتایا کہ دیامر بھاشا ایک بہت زیادہ national importance کا project ہے۔ اس پر کام شروع کرنے جا رہے ہیں۔ اس کے لیے fund arrange ہو گیا ہے اور اب اس کے لیے سارا نظام تیار ہے۔ انشاء اللہ اس سال کے آخر میں اس پر کام شروع ہو جائے گا۔

جہاں تک دوسرے hydel projects کا تعلق ہے، جیسے میں نے عرض کیا کہ دریائے جہلم پر نیلم جہلم ہے جس پر کام شروع ہو چکا ہے۔ کوہالہ کی feasibility and design engineering پر بھی کام شروع ہو چکا ہے اور Chinese government اس میں interest لے رہی ہے۔ اسی طریقے سے کنجی اور داسو پر بھی feasibility and detailed engineering کا کام ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ ملک بھر میں بتیس medium size ڈیموں پر کام ہو رہا ہے جو چاروں

صوبوں میں بنائے جائیں گے بشمول فاٹا کے۔ جن سے تھوڑی مقدار میں بجلی بھی پیدا ہو گی لیکن بطور water reservoir وہ ہماری آبپاشی کے کام آئیں گے۔

Mr. Chairman: Next Question, Abdur Rashid Sahib.

سوال نمبر پڑھ لیجئے رشید صاحب۔

32. *Senator Abdur Rashid: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the number of Grid stations in Bajaor Agency; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the government to install more grid stations in the said agency, if so, when?

Raja Pervaiz Ashraf: (a) At present there is one No. 66 KV Grid Station at Khar Bajour Agency having 03 Nos. Power Transformers of 10/13 MVA capacity each. One No. Power Transformer of 10/13 MVA capacity installed at 132 KV Grid Station Timurgara is also feeding the Bajour Agency.

(b) No. Only the up-gradation of existing Grid Station from 66 KV to 132 KV at Bajour has been approved by CDWP with the estimated cost of Rs. 453 million.

Mr. Chairman: Answer taken as read, any supplementary? آپ کا ہے؟

سینیٹر عبدالرشید: ہاں جی۔

جناب چیئرمین: فرمائیے۔

سینیٹر عبدالرشید: میرا ضمنی سوال ہے کہ باجوڑ ایجنسی کی آبادی تمام قبائل میں سے زیادہ ہے تمام ایجنسیوں سے جو کہ تقریباً ساڑھے دس لاکھ ہے۔ سوال میں بتایا گیا ہے کہ اس میں ایک گرڈ سٹیشن ہے۔ وزیر صاحب سے میرا یہ سوال ہے کہ آپ دیگر ایجنسیوں میں بڑے grid stations

کی تعداد بتائیں گے؟ اگر دیگر ایجنسیاں جن کی آبادی بھی کم ہے باجوڑ ایجنسی کی نسبت اگر اس میں ان کی تعداد زیادہ ہے اور باجوڑ میں ایک ہے تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

جناب چیئرمین: جی .Minister Sahib

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! جہاں تک باجوڑ ایجنسی کا تعلق ہے یہاں 66KV کا گرڈ سٹیشن موجود تھا۔ اب اس کو 132KV سے upgrade کیا جا رہا ہے 45 کروڑ روپے کی لاگت سے اور وہ ایک سال میں مکمل ہو جائے گا۔ دوسرا agencies میں کس کس جگہ پر کتنے گرڈ سٹیشن ہیں تو یہ تو، میں سمجھتا ہوں کہ میں دوبارہ معلومات حاصل کر کے بتا سکوں گا۔

جناب چیئرمین: جی طلحہ محمود صاحب۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: اس میں انہوں نے بتایا ہے کہ باجوڑ میں 66 KV grid station کو 132 KV کی upgradation in 453 million یہ کب تک complete ہو جائے گا؟

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: یقیناً جہاں پر بھی ضرورت ہو یا آئندہ آنے والے وقتوں میں اس کی ضرورت محسوس کی جائے وہاں پر ہم یہ plan کرتے ہیں۔ اگر معزز رکن کے پاس کوئی specific site ہے جہاں یہ سمجھتے ہیں کہ وہاں لگانا ضروری ہے تو وہ مجھے دے دیں، مجھے خوشی ہو گی۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال، عبدلرشید صاحب۔

33. *Senator Abdur Rashid: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the number of dams in FATA; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to construct more dams in FATA, if so, the names of Agencies where the same will be constructed?

Raja Pervaiz Ashraf: (a) The Warsak Dam is the only completed project in FATA (Khyber Agency) and in operation since, 1960.

(b) The following dams are under construction/study in FATA:

Sr. No.	Name of Projects	Agency	Status
1.	Gomal Zam Dam	South Waziristan	Under construction
2.	Kurram Tangi Dam	North Waziristan	Ready for Construction
3.	Munda Dam	Mohmand	Detailed Engineering Design to be initiated.
4.	Bara Dam	Khyber	Engineering Study in progress
5.	Chowkas Dam	Malakand	Engineering Study to be initiated.
6.	Totakan Dam	Malakand	Engineering Study to be initiated.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ہارون خان: جناب والا! میرا معزز وزیر سے ضمنی سوال یہ ہے کہ گومل زام ڈیم کتنے عرصے سے under construction ہے اور یہ project کیوں اور کتنا delay ہو چکا ہے اور اس کی نئی completion date کیا ہے؟

جناب چیئرمین: جی! وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! یہ گومل زام ڈیم South Waziristan Agency میں ہے تو اس وقت اس کی 76.56% physical progress ہو گئی ہے اور ایک بد قسمتی ہوئی کہ یہ Chinese company کے پاس تھا اور وہاں ایک چینی انجینئر کا murder ہو گیا تو کام رک گیا۔ اب چینی انجینئر واپس آگئے ہیں اور یہ کام دوبارہ بڑی تیزی کے ساتھ شروع ہے اور امید ہے کہ انشا اللہ تعالیٰ جلد مکمل کر لیا جائے گا۔

سینیٹر ہارون خان: وزیر صاحب نے delay کی وجہ تو بتا دی ہے اب نئی completion date کیا ہے؟ وہ انشااللہ تو کہہ رہے ہیں لیکن وہ تو کہہ رہے ہیں کہ ہر چیز ایک سال میں ٹھیک ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: حافظ رشید صاحب۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب والا! یہاں تو ڈیموں کا باران کیا گیا ہے ماشا اللہ، بہت اچھی بات ہے لیکن میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ یہ ڈیم کب سے شروع کیے گئے ہیں اور کب تک یہ پایہ تکمیل تک پہنچ جائیں گے۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ میرے علاقے مہمند میں ایک ڈیم بنایا جا رہا ہے جس کا نام منڈا ڈیم ہے تو ہماری مہمند قوم اس ڈیم کا نام مہمند ڈیم رکھنا چاہتے تو اس کے بارے میں حکومت کی کوئی تجویز ہے یا نہیں؟ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی! وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! منڈا ڈیم، مہمند ایجنسی میں ہے۔ ہمارے پاس تو اس کا نام منڈا ڈیم ہی ہے اور اس کی وجہ تسمیہ کیا ہے وہ میرے علم میں نہیں ہے لیکن معزز رکن نے جو بات کی ہے تو ہم منڈا ڈیم مہمند ایجنسی اس کو کہتے ہیں۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: نہیں جناب! ایسا نہیں ہے۔ منڈا ایک جگہ کا نام ہے۔

جناب چیئرمین: خٹک صاحب۔

سینیٹر افراسیاب خٹک: شکریہ جناب چیئرمین! میں معزز وزیر صاحب کی خدمت عرض کروں گا کہ یہ گومل زام ڈیم 1960 میں بننا شروع ہوا تھا، اس کو بنتے پچاس سال ہو گئے ہیں، بیسویں صدی تو ختم ہو گئی ہے، تو کیا وزیر صاحب بتا سکتے ہیں کہ اکیسویں صدی میں کوئی time یا سال ایسا ہے کہ اس میں یہ ڈیم بن جائے گا؟

راجہ پرویز اشرف: جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ریکارڈ تھوڑا سا درست کر لیا جائے۔ گومل زام ڈیم کی actual commencement July, 2002 میں ہوئی تھی اور جیسا کہ میں نے کہا کہ وہاں پر ایک واقعہ پیش آیا جس میں ایک چینی انجنیئر کا murder ہوا تو کام رک گیا۔ اب دوبارہ اس ڈیم پر کام June 2007 میں شروع کیا گیا اور اس کی actual date of completion 2006

تھی اور اب 2010 revised date of completion ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس میں چار، چھ مہینے delay ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: ریحانہ یحیٰی صاحب۔

سینیٹر ریحانہ یحیٰی بلوچ: جناب چیئرمین! سوال کے جواب میں کہا گیا ہے کہ

1. Gomal Zam Dam under construction.
2. Kurram Tangi Dam ready for construction
3. Munda Dam Detailed Engineering Design to be initiated
4. Bara Dam Engineering Study in progress
5. Chowkas Dam Engineering Study to be initiated.

جناب والا! کیا وزیر صاحب اس کی وضاحت کریں کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! جس وقت کوئی dam plan کیا جاتا ہے تو یہ ایک بڑا لمبا چوڑا کام ہوتا ہے، اس کی feasibility, site selection and after that its detailed engineering میں کافی وقت لگتا ہے۔ اس میں تین، تین، چار، چار سال کا وقت لگ جاتا ہے کہ جب پوری study مکمل ہو اور اس کی detailed engineering سامنے آئے، یہ ایک نظام ہے اور جس طرح سینیٹر صاحبہ نے خود پڑھا ہے کہ ان تمام dams کی sites پر یہ، یہ کام شروع ہو چکا ہے اور detailed engineering کے بعد ان کو پھر international tendering کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! وزیر صاحب نے بتایا ہے کہ گومل زام ڈیم پر کام 2002 سے شروع ہے۔ وزیر صاحب کو ذرا ریکارڈ دیکھنا چاہیے۔ 1976 سے پہلے یعنی جب بھٹو صاحب وزیر اعظم تھے اس وقت میں وہاں گیا ہوں اور میں نے خود وہ ڈیم دیکھا ہے، وہاں پر کام شروع تھا۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! جیسا کہ مندوخیل صاحب نے کہا ہے ریکارڈ ٹھیک کر لیجیئے۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! یقیناً میں مندوخیل صاحب سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس ڈیم کی proposal and plan شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے زمانے میں ہوا اور انہوں نے اس کو initiate کیا تھا لیکن actual date of commencement ہم اس وقت لیتے ہیں جس وقت ہم اس کی tendering کر دیتے ہیں، feasibility مکمل ہوتی ہے اور detailed engineering ہوتی ہے وہ 2002 ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال۔

35. *Senator Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the date of approval of Mahl Hydropower project on Rivers Mahl and Jehlum in Azad Jammu and Kashmir;

(b) the progress made on this project so far; and

(c) whether it is a fact that a consortium led by Korean Companies offered help in the said project, if so, the progress made in this regard so far?

Raja Pervaiz Ashraf: (a) The Government of Azad Jammu and Kashmir (Government of AJ&K) decided to develop the Mahl Hydropower Project. (“the project”) through Public Private Partnership (PPP) under the Power Policy, 2002. Accordingly the Government of AJ&K advertized the project in 2008.

(b) The Project could not move further due to non availability of PPP Model with the Government of AJ&K. Model of further implementation of Mahl Project is being reviewed by a Committee formulated by the Prime Minister of AJ&K.

(c) Six companies including Korea Electric Power Company submitted their proposals to the Government of AJ&K. Due to unavailability of PPP model the project could not move forward by Government of AJ&K. Ministry of Water and Power through PPIB has requested Government of AJ&K to issue NOC to handle it at

federal level. The work on this project will commence soon after the decision of the Government of AJ&K in the matter.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب والا! اس سوال میں ایک بڑی اہم بات ہے۔ اس میں Korean company نے امداد کی پیشکش کی ہے۔ ہماری بد قسمتی ہے کہ ہم اس کو فائلوں کی نذر کر دیتے ہیں اور NOC کے چکر میں اب یہ delay ہو رہا ہے۔ جواب میں لکھا ہے کہ این او سی جاری کرنے کے لیے اس معاملے کو وفاقی سطح پر اٹھایا جائے۔ مجھے یہ بتائیں کہ این او سی جاری ہونے میں کیا رکاوٹیں ہیں اور کون سی ایجنسی سے ان کو این او سی چاہیے۔

جناب چیئرمین: جی! وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب والا! اس وقت گومل زام ڈیم پر جو کمپنیاں کام کر رہی ہیں وہ FWO ہے اور ان کے CWHEC کا joint venture ہے جو کہ چینی کمپنی ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال، مولا بخش چانڈیو صاحب۔

43. ***Senator Moula Bakhsh Chandio**: Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether the Government is contemplating to construction / install power plant on Chashma−Jhelum link canal, if so, its impact on the supply of water to Sindh from that canal?

Raja Pervaiz Ashraf: (a) The Government of Pakistan is exploring every possibility for power generation in the country. In this scenario Government of Punjab to join hands with the Government of Pakistan in the efforts to produce cheap hydropower intends to install 44.3 MW Hydel Power Project at Chashma (C−J) Link Canal outfall.

(b) The project is based on run of the canal concept and will be subject to operation of the canal authorized by IRSA out of the share of water allocated to Punjab. It therefore will not affect

the share of water of the Sindh Province. However, the matter has been taken up by IPC Division for-resolution at the IPCC level with the participation of all stake holders.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مولا بخش چانڈیو: جناب والا! میرا معزز وزیر صاحب سے ضمنی سوال ہے کہ حکومت سندھ اور حکومت پنجاب کے معاہدوں کے مطابق چشمہ جہلم کینال، فلڈ کینال ہے تو منسٹر صاحب بتا سکیں گے کہ کیا فلڈ کینال پر power plant بن سکتا ہے؟

جناب چیئرمین: جی! وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: شکریہ جناب چیئرمین! اس میں کچھ عرصے سے sensitivity create ہو گئی ہے تو میں عرض کرتا ہوں کہ پانی regulate کرنا یا پانی کی apportionment بنیادی طور پر ایک regulator کا کام ہے and IRSA is the regulator جس میں تمام صوبے represented ہیں اور وہ بیٹھ کر ایک regulator کے طور پر فیصلہ کرتے ہیں اور اس چیز کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ کسی صوبے کا حق دوسرا صوبہ نہ لے۔ اور اگر اپنے حصے میں سے کسی نہر یا کسی جگہ پر پانی استعمال کرنا چاہے تو under the accord اس پر کوئی bar نہیں ہے۔ یہ سب کے علم ہے کہ recently Chief Minister of the Punjab and Chief Minister of Sindh اور ان کی ٹیم نے بیٹھ کر اس مسئلے کو خوش اسلوبی سے حل کر لیا ہے اور under 1991 accord اس کو proper طریقے سے implement کیا جائے گا۔ یہ معاملہ اب گورنمنٹ کے پاس ہے یا regulator کے پاس ہے، وفاقی حکومت اپنے طور پر اس معاملے میں دخل نہیں دیتی۔

سینیٹر مولا بخش چانڈیو: جواب میں اس power plant کا ذکر ہوا ہے کہ حکومت پاکستان کے ساتھ پنجاب حکومت power plant بنا رہی ہے۔ میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب آپ کے ساتھ ان کی کوشش جاری ہے تو کیا Flood Canal پر power plant لگ سکتا ہے یا نہیں؟

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! میرے خیال میں معزز ممبر کے پاس معلومات صحیح نہیں ہیں، میں ان کے record کی درستگی کے لیے عرض کرنا چاہوں گا کہ حکومت پاکستان اور پنجاب

گورنمنٹ کا کوئی joint venture نہیں ہے بلکہ یہ private sector میں ایک plant لگانے کی کوشش کی جارہی ہے، یہ case NEPRA کے پاس ہے جو کہ tariff determination کے لیے 44 MGW کا یہ plant ہے اور وہ tail کے اوپر لگایا جا رہا ہے اور اس کے بارے میں Government of Sindh کے جو بھی تحفظات تھے ان کو tackle کیا جارہا ہے۔

سینیٹر مولا بخش چانڈیو: جناب! آپ نے یہاں کہا ہے کہ ہم power plant بنا رہے ہیں، پہلے بھی آپ نے یہی بات کی جس کی وجہ سے میں نے سوال پوچھا کہ Flood Canal پر power plant لگ سکتا ہے یا نہیں ؟

راجہ پرویز اشرف: جناب! ہر power plant کی انہوں نے خود feasibility بنانی ہوتی ہے، اس کے لیے کتنا پانی ان کو ملے گا، historical data کیا ہے، اس پر base کرتے ہوئے اگر کوئی پلانٹ لگانا چاہے اور وہ اپنے حصے کے پانی سے لگانا چاہے، ان کو پانی ملتا ہے یا نہیں، یہ ان کی ذمہ داری ہے، یہ ہمارا concern نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: جی بلور صاحب۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: میں وزیر موصوف سے عرض کروں گا کہ اس کو دوبارہ study کر لیں، چانڈیو صاحب کے سوال کا proper جواب نہیں مل رہا۔

جناب چیئرمین: جی رضا صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! میرا ایک سیدھا سا سوال ہے کہ موجودہ صورتحال میں وزیر صاحب نے فرمایا کہ صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ کے Chief Ministers آپس میں ملے اور انہوں نے باہمی طور پر اس مسئلے کو حل کر لیا۔ میرا وزیر موصوف سے سوال یہ ہے کہ جب آئین کے تحت ایک ادارہ CCI موجود ہے جہاں پر یہ تمام معاملات اٹھنے چاہییں اور طے ہونے چاہییں۔ ہم کیوں institutions کو ignore کر کے personal level کے اوپر چلے جاتے ہیں؟ جب ہمارے پاس ایک institutional mechanism موجود ہے تو پھر حکومت نے اس institutional mechanism کو کیوں استعمال نہیں کیا؟

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: شکریہ جناب چیئرمین! میں معزز ممبر کے اس سوال کے جواب میں یہ کہنا چاہوں گا کہ regulator کے ambit میں یہ بات آتی ہے کہ under 1991 accord وہ کس طرح پانی کو تقسیم کرتا ہے۔ اب اگر کسی صوبے کو غلط فہمی ہے اور اس کی interpretation کی ضرورت ہے تو پھر وہ CCI کے پاس جائیں۔ جناب! Irsa کے forum پر سارے صوبے represented ہیں اور چاروں صوبوں کے ممبران ہیں اور ایک فیڈرل ممبر بھی وہاں پر ہوتا ہے اور اس ضمن میں عرصہ دراز سے consensus کے ساتھ فیصلے ہوتے ہیں۔ اگر کسی صوبے کو کوئی مسئلہ ہو تو وہ کسی دوسرے صوبے سے clarification مانگ لے یا کسی بھی clause کی interpretation پر اتفاق رائے ہو جائے، یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ میں اس سے agree کرتا ہوں کہ جیسے معزز ممبر نے کہا ہے کہ اگر Irsa کے level پر یہ مسئلہ ٹھیک نہیں ہوتا تو پھر highest forum CCI ہے۔

جناب چیئرمین: جی رضا صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! ہم institutions کو build کرنے کی بات کرتے ہیں۔ Irsa کے level پر یہ مسئلہ حل نہیں ہوا۔ Irsa کے level پر جب یہ مسئلہ تھا تو سندھ کے ممبر نے Irsa کی meeting سے walk out کیا۔ پنجاب کے ممبر نے بھی walk out کیا۔ بلوچستان کے ممبر نے سندھ کے ممبر کے حق میں اپنا استعفیٰ دیا۔ اس کے بعد ایک وفد صوبہ پنجاب سے صوبہ سندھ بھیجا گیا۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ جب ایک صورتحال پیدا ہو گئی تو آئین کے تحت ایک ادارہ موجود ہے۔ اگر فاضل وزیر صاحب اس Article کو پڑھ لیں تو اس کا تعلق پانی کے ساتھ بھی ہے کہ اگر ایک dispute دو صوبوں کے درمیان پیدا ہوتا ہے تو اس کو Council of Common Interests میں اٹھانا چاہیے تھا، بجائے اس کے کہ یہ مسئلہ between two Chief Ministers individually لیا جائے۔

جناب چیئرمین: ان کا یہ کہنا ہے کہ آپ CCI کو by pass کیوں کر رہے ہیں؟

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کروں گا کیونکہ فاضل ممبر ایک معروف قانون دان بھی ہیں، یہ حق بھی صوبے کا ہے کہ اگر کوئی صوبہ CCI جانا چاہے، اگر اس کو کسی فیصلے کے اوپر کوئی reservations ہیں۔ اگر دونوں صوبے بیٹھ کر آپس میں بات کرنا چاہتے تو پھر اس میں کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ ہاں، اگر کوئی صوبہ CCI کے پاس جانا چاہے تو ضرور جائے۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is a question of institution and it is a question of Constitution. The Prime Minister called the two Chief Ministers, if the Prime Minister can call the two Chief Ministers then why is the CCI being by passed.

یا تو CCI کو Constitution سے نکال دیں لیکن جب ایک ادارہ موجود ہے اور ہم اداروں کو build کرنے کی بات کررہے ہیں اور اس floor of the House پر کہا گیا تھا کہ CCI کا اجلاس call کیا جائے۔ اگر اس مسئلے کو settle کرنے کے لیے وزیر اعظم صاحب دو Chief Ministers کو بلا سکتے ہیں تو وہ ایک institutionalized body کے پاس اس مسئلے کو کیوں لے کر نہیں گئے؟

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب! میں اسی سلسلے میں عرض کرنا چاہ رہا تھا کہ CCI میں case وہ صوبہ لے کر جا سکتا ہے جو aggrieved ہو، جس کے تحفظات ہوں۔

جناب چیئرمین: جی سردار صاحب۔

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری: جناب چیئرمین صاحب! میاں رضا ربانی صاحب نے جو بات کی ہے وہ بالکل درست ہے، Council of Common Interests کا ایک ادارہ موجود ہے، اگر پنجاب نے سندھ کے لیے اپنا حق surrender کر دیا، اپنے آپ کو بڑا magnanimous اور بڑا بھائی سمجھ کر لیکن بہت سے لوگ ہیں جن کو اس پر extreme reservations ہیں۔ یہ حکومت پانچ سال سے مدت پوری کرے یا نہ کرے تو کیا جو next حکومت آئے گی وہ فیصلہ کرے گی کہ نہیں جو چشمہ جہلم لنک کنال ہے اس کو آپ بند نہیں کر سکتے تو اندازہ لگائیے کہ پھر سندھ کو کتنا زبردست اعتراض ہو گا۔ یہ صوبوں کو آپس میں لڑانے کی سازش ہے اور جو سدرن پنجاب ہے اس میں چار ملین ایکڑ اراضی بنجر ہو جائے گی۔ اس پر serious reservations ہیں اور میں رضا صاحب کی بات کی fully تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! مجھے معزز ممبران کا احترام ہے، میری صرف گزارش یہ ہے کہ Irsa is a regulator اس میں چاروں صوبے represented ہیں۔ اگر ان میں

کسی معاملے پر اتفاق رائے نہیں ہے یا کسی صوبے کے ممبر کو کوئی reservation ہے تو یقیناً اس کا forum Punjab Government یا سندھ گورنمنٹ ہے وہ ان سے مشورہ کرتے ہیں کہ اب ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ میں یہاں یہ بھی clear کر دینا چاہتا ہوں کہ وزیر اعظم صاحب نے اس میں کوئی part play نہیں کیا، وہ خود دونوں Chief Ministers ملے، ان کے Irrigation Ministers ملے، ان کے Secretaries Irrigation ملے اور ان کی کسی clause کے متعلق اپنی اپنی interpretation تھی یا پانی کی تقسیم کے اعداد و شمار تھے، انہوں نے کہا کہ آؤ بیٹھ کر دیکھ لیتے ہیں کہ آپ کی calculation ٹھیک ہے یا ہماری ٹھیک ہے اگر صوبے agree کر جاتے ہیں، ان کے ممبرز Irsa میں agree کر جاتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ کوئی مسئلہ نہیں ہے، ہاں اگر وہ agree نہیں کرتے تو پھر CCI forum ہے، وہاں جا سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی رضا صاحب۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is very sad what the honourable Minister has said and this is the last comment I will make. It is very sad that the honourable Minister is equating Irsa with a constitutional body i.e., CCI.

Mr. Chairman: Right, thank you. Q.No. 46 Begum Najma Hameed, yes, Chattha sahib on her behalf.

46. *Begum Najma Hameed: Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether there is any negotiation in process for purchase of electricity from any foreign country, if so, the name of said countries with other details?

Raja Pervaiz Ashraf: There are three proposals under consideration for import of power from following two foreign countries.

(i) 1000 MW from Iran for the National grid the feasibility study is under process:

(ii) 1000 MW from Tajikistan− PC−I is under process.

(iii) 100 MW from Iran for Gwadar construction of transmission line and grid station is under execution.

Mr. Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر نعیم حسین چٹھہ: جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ملک سب سے زیادہ جس شدید قسم کے بحران کا شکار ہے وہ بجلی کی کمی ہے۔ اس سلسلے میں ایک مسئلہ بہت دیر سے چلا آرہا ہے کہ ہمسایہ ملکوں سے بجلی import کی جائے اور خاص طور پر تاجکستان اور ایران سے، ایک عرصے سے ہم یہ کمی face بھی کر رہے ہیں لیکن اس پر کوئی عمل نہیں ہو رہا ہے، کبھی زیر عمل ہے، کبھی زیر تفتیش ہے۔ حکومت اس شدید بحران کا کیوں نوٹس نہیں لیتی اور لوگوں کی تکلیف کو سامنے رکھتے ہوئے اس کو priority کیوں نہیں دیتی؟ کیوں ایسا نہیں کیا جاتا اور کئی سالوں سے یہ زیر التواء ہے؟

جناب چیئرمین: جواب دیجیے منسٹر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! بجلی کی shortage یقینی ہے اور جس طرح معزز رکن نے کہا کہ یہ بحران موجود ہے اور میں عرض کرنا چاہ رہا تھا کہ پڑوسی ملکوں سے خاص طور پر ایران سے ایک 1100 میگاواٹ بجلی لینے کا معاہدہ ہو چکا ہے جس میں 39 میگاواٹ گوادر اور گردو نواح کے لئے لیے جا رہے ہیں۔ اس مہینے بھی ہمارا وفد تہران میں تھا۔ وہ 39 میگاواٹ کو 100 میگاواٹ تک enhance کر رہے ہیں۔ ایک ہزار میگاواٹ کے لئے اس main transmission line پر کام ہو رہا ہے جس میں ایران کی توانیر کمپنی اور پاکستان کا NESPAK دونوں consultants مل کر اس کی feasibility تیار کر رہے ہیں لیکن اس پر تقریباً چار سال کا عرصہ لگے گا۔

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر مالک صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک: جیسا کہ منسٹر صاحب نے کہا کہ چار سال لگیں گے۔ اس وقت ایران کے ساتھ ہمارا 35 میگاواٹ کا ایک معاہدہ ہے جس سے تربت، گوادر اور پنجگور کو ہم electrify کر رہے ہیں۔ پچھلے سال سے ہماری ضرورت 45 میگاواٹ تک بڑھ گئی ہے۔ وہاں پر 8 گھنٹے تک لوڈ شیڈنگ ہوتی رہی ہے۔ اس سال مزید villages electrify ہو گئے ہیں 12 سے 14 گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ میری منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ already ہمارے پاس یہ گنجائش ہے کہ اگر 35 میگاواٹ کو ہم 50 یا 60 میگاواٹ تک لے جائیں تو آنے والے دنوں میں ہم لوڈ شیڈنگ سے

بچ جائیں گے۔ Prime Minister sahib نے already اس پر directive آپ کو بھیجا ہے۔ Kindly sir, اس کو process کر لیں۔

جناب چیئر مین: جی منسٹر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! میں نے یہی عرض کیا تھا کہ ہمارا PEPCO کا ایک وفد جس میں technical لوگ تھے، میں خود تہران میں موجود تھا۔ وہ پچھلے ہفتے واپس آئے ہیں اور اس پر کام ہو رہا ہے کہ یہ جو میگاواٹس ہم حاصل کر رہے ہیں ان کو enhance کیا جائے اور ہماری خواہش ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اسی پر کام ہو رہا ہے تاکہ ان اضلاع میں جن کی معزز ممبر نے بات کی ہے وہاں پر یہ مسئلہ ختم کیا جائے اور 100 میگاواٹ لینے کی ہم کوشش کر رہے ہیں۔

جناب چیئر مین: ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! یہ جو ڈاکٹر مالک نے سوال کیا ہے اور میرا بھی اس میں یہ related ہے کہ ہمارے منسٹر صاحب تو بڑے hard-working ہیں اور ماشاء اللہ بلوچستان کے لئے بڑی دلچسپی لیتے ہیں۔ دیکھیں پہلے ایک معاہدہ 35 میگاواٹ کا جب موجود ہے ایران سے۔۔۔۔۔ اگر وہ اتنا لمبا process کر رہے ہیں کہ چار سال کا وقت لگے گا۔۔۔۔

جناب چیئر مین: بلیدی صاحب! آپ سوال کر لیجیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میرا سوال یہ ہے کہ تربت، پنجگور اور گوادر کے لئے as soon as possible دو مہینے کے اندر اندر 60 یا 100 میگاواٹ تک بڑھائیں۔ اس میں کوئی مشکل بھی نہیں ہے۔

جناب چیئر مین: ٹھیک ہے۔ جی منسٹر صاحب جواب دیجیے۔

راجہ پرویز اشرف: یقیناً جناب! معزز رکن کی جو observations ہیں کہ ہمیں ان پر تیزی کے ساتھ کام کرنا ہے۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ کوئی quick fix power sector میں نہیں ہو سکتی ہے۔ اس کے لئے پورا ایک سسٹم develop کرنا پڑتا ہے۔ Existing system پر اگر آپ وہاں سے 35 میگاواٹ لے رہے ہیں اور آپ نے 100 میگاواٹ لینا ہے تو اس کو آپ نے

اپ گریڈ کرنا ہے۔اس کے لئے سارا نظام وضع کرنا ہوتا ہے دونوں ملکوں نے۔ تو اس لئے اس میں جو minimum possible وقت لگے گا ہم اسی پر کام کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر مالک صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک : جناب والا! اس میں آپ کا کوئی پیسہ خرچ نہیں ہوگا۔ اس میں just agreement کو بڑھانا ہے، جو 100 میگا واٹ والا ہے اس میں آپ کے پیسے خرچ ہوں گے۔ اس سسٹم میں 70 میگاواٹ تک آپ بغیر پیسوں کے کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: Next question حاجی عدیل صاحب کا ہے۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ خٹک صاحب on behalf of Haji Adeel sahib. خٹک صاحب، سوال نمبر پڑھ لیں۔

سینیٹر افراسیاب خٹک: سوال نمبر۔ 47

47. *Senator Haji Mohammad Adeel: Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Jaban Power House Malakand N.W.F.P. is non functional since long time, if so, the reasons thereof indicating also the date since which it is non functional; and

(b) whether it is also a fact that the said Power House is owned by the provincial Government, if so, whether there is any proposal under consideration of the Government to hand over it to that Government?

Raja Pervaiz Ashraf: (a) It is a fact that Jabban Power House in Malakand is non functional since 12−11−2006 due to fire incident. It is now under the process of rehabilitation.

(b) It is also fact that said power house was in the custody of Govt. of NWFP before creation of WAPDA, 1958. However, this project alongwith other small Hydels in Punjab was handed over to WAPDA by the Govt. of Pakistan along with all

assets, after establishment of WAPDA, under the WAPDA Act, 1958.

At this stage, there is no such proposal under consideration of WAPDA regarding handing over of this power house to Govt. of NWFP.

Mr. Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر افراسیاب خٹک: میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال یہ ہے کہ انہوں نے جو جواب میں فرمایا ہے کہ

However, this project along with other small Hydel projects in Punjab were handed over to WAPDA by the Government of Pakistan along with all assets, after establishment of WAPDA, under the WAPDA Act, 1958.

تو سوال یہ ہے کہ اس وقت تو one unit تھا۔ اسی لئے یہ واپڈا کے حوالے کیا گیا تھا لیکن one unit ٹوٹنے کے بعد بھی واپڈا نے ان assets کو غصب کر رکھا ہے۔ تو صوبہ پشتونخواہ کو وہ assets واپڈا پھر کب لوٹائے گا جن میں جبن پاور ہاؤس مالاکنڈ خصوصی طور پر شامل ہے۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین شکریہ۔ جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ جس وقت واپڈا کی تشکیل ہوئی تو تمام پاور ہاؤسز واپڈا کی تحویل میں چلے گئے اور ان کی ملکیت قرار دیے گئے اور ایک بڑا سسٹم جس میں نیشنل گرڈ بھی شامل ہے، واپڈا ہی اس سے جنریشن کرتا ہے یا پھر پرائیویٹ سیکٹر کرتا ہے۔ صوبوں کے اوپر بھی کوئی قید نہیں ہے۔ صوبے بھی اگر کوئی اپنا پاور پلانٹ لگانا چاہیں اور اگر وہاں جنریشن کرنا چاہیں تو ان پر بھی کسی قسم کا کوئی بار نہیں ہے، Constitution of Pakistan allow کرتا ہے۔ جہاں تک جبن کی بات ہے تو میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جبن واپڈا کا پروجیکٹ ہے۔ واپڈا اس کو پبلک سیکٹر میں مکمل revamp کر رہی ہے جیسا کہ آپ کو پتا ہے کہ 2006 میں اس میں آگ لگی اور اس کی تمام مشینری جل کر ناکارہ ہو گئی۔ اب ایک نیا state of the art لگ رہا ہے اس کے اوپر۔ یہ ایک چھوٹا پراجیکٹ ہے، 18,19 میگاواٹ کا پراجیکٹ ہے۔ اس پر جلد کام شروع کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: جی زاہد خان صاحب۔

سینیٹر محمد زاہد خان: جناب چیئرمین! معزز وزیر صاحب نے کہا ہے کہ یہ واپڈا کا ہے۔ یہ واپڈا کا نہیں تھا، یہ صوبے کا تھا۔ جب one unit بنا تو یہ واپڈا نے لے لیا اور یہ واپڈا کے پاس آیا۔ یہ صوبے کا تھا اور آپ نے اس کو صوبے سے لیا ہے۔ یہ 2006-11-12 کو خراب ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین: سوال کر لیجیے کہ آپ کا سوال کیا ہے؟

سینیٹر محمد زاہد خان: میں یہی عرض کر رہا ہوں۔ 2006-11-12 کو یہ جل چکا ہے۔ واپڈا کی اتنی بے حسی ہے کہ اب دوسرے ملکوں سے بجلی لانے کے لئے agreements کر رہے ہیں اور اپنا جو ایک پاور ہاؤس ہے وہ خراب پڑا ہوا ہے۔ تو اگر آپ نہیں کر سکتے ہیں تو کیا آپ کے پاس کوئی suggestions ہیں کہ آپ یہ صوبوں کو دے دیں۔ اگر آپ صوبوں کے حوالے کر دیں تو یہ جلدی ٹھیک ہو جائے گا۔

دوسرا سوال میرا اس پر ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ تاجکستان یا ایران سے بجلی لے کر آ رہے ہیں۔ ایران سے تو چلو سمجھ آتی ہے کہ بلوچستان کے لئے آ جائے گی۔ تاجکستان سے لے کر آنی ہے۔ اب چار یا پانچ سال لگیں گے۔ چار مئی کا ایک پراجیکٹ ہے جس کا PC-1 بھی تیار ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: سوال کر لیجیے۔

سینیٹر محمد زاہد خان: آپ اس کے لئے تیار ہیں کہ وہ آپ صوبے کے حوالے کریں تاکہ صوبہ اس کو بنائے۔ وہ پراجیکٹ 150 میگا واٹ کا اسی وجہ سے رکا ہوا ہے۔ صوبے کے پاس اختیار نہیں ہے۔ تو کیا آپ صوبے کے ساتھ بیٹھ کر جو پراجیکٹ ابھی ongoing ہے یا جن کے PC-1 نہیں ہیں ان کے PC-1 تیار کریں اور وہ آپ کو بجلی دے دیں۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئرمین! جہاں تک جنریشن پلانٹ لگانے کا تعلق ہے تو میں نے پہلے بھی یہ گزارش کی کہ کسی صوبے پر بھی قدغن نہیں ہے۔ ہم نے یہ allow کیا ہوا تھا کہ 50 میگاواٹ تک جو صوبہ جہاں بھی چاہے پلانٹ لگا لے ہم اس کو اپنے نیشنل گرڈ میں لے لیں گے لیکن اگر وہ اس سے بڑا پلانٹ لگانا چاہتے ہیں 1000 میگاواٹ کا لگانا چاہتے ہیں تو اس پر بھی کسی قسم کا اعتراض

نہیں ہے لیکن اس میں ایک شرط یہ ہے کہ اگر کوئی صوبہ اپنی ٹرانسمیشن لائن بنانا چاہے اور اپنا ریٹ مقرر کرنا چاہے تو اس پر بھی کوئی بار نہیں ہے لیکن اگر وہ نیشنل گرڈ کو استعمال کریں گے اور NTDC کا سسٹم استعمال کریں گے تو then they have to go to NEPRA. تو NEPRA پھر tariff determine کرے گا۔ تو یہ ایک procedure ہے جس کو ہم نے clear کیا ہوا ہے۔ جب PPIB میں ہم فیصلہ کرتے ہیں کسی بھی پراجیکٹ کے بارے میں تو صوبہ وہاں پر represent ہوتا ہے اور پشتونخواہ صوبہ سرحد کے بھی وہاں پر representatives ہوتے ہیں۔ ان کے سامنے اور ان کی input لینے کے بعد فیصلے کئے جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر ابراہیم صاحب۔

Strength	Islamabad	Punjab	Sindh (U)	Sindh (R)	NWFP	Balochistan	AJ&K	NA	Northern Area	FATA	Total
Executive Staff		15	47	721	12	32				6	833
Subordinate Staff	2	36	332	1684	48	53				6	2161

134. *Senator Hafiz Rashid Ahmad: Will the Minister Incharge of the Prime Minister's Secretariat be pleased to state:

(a) the details of foreign investments made in the country during the last five years; and

(b) the details of the projects in which the said investment was made?

Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: • Board of Investment (BOI) deals with Foreign Direct Investment (FDI).

(a) According to the data supplied by the State Bank of Pakistan to BOI. FDI received in the country over the last five years is US$ 19.31 billion. Year-wise details are as below:—

Years	US$ Billion
2004-05	1.52
2005-06	3.52
2006-07	5.14
2007-08	5.41
2008-09	3.72

(b) Country / Sector wise break up of FDI inflow are reflected in the two tables at Annexure-I.

Annxure-I

FDI Inflow-Country Wise

US $ Million

Country	2004-05	2005-06	2006-07	2007-08	2008-09
USA	325.9	516.7	913.1	1309.3	869.9
UK	181.5	244.0	860.1	460.2	263.4
U.A.E	367.5	1,424.5	661.5	589.2	178.1
Japan	45.2	57.0	64.4	131.2	74.3
Hong Kong	32.3	24.0	32.6	339.8	156.1
Switzerland	137.5	170.6	174.7	169.3	227.3
Saudi Arabia	18.4	277.8	103.5	46.2	(92.3)
Germany	13.1	28.6	78.9	69.6	76.9
Korea (South)	1.4	1.6	1.5	1.2	2.3
Norway	31.4	252.6	25.1	274.9	101.1
China	0.4	1.7	712.0	13.7	(101.4)

Others	369.3	521.9	1,512.2	2,005.2	1.964.2
Total	1523.9	3521.0	5139.6	5409.8	3719.9

FDI Inflow-Sector Wise

US $ Million

Sector	2004-05	2005-06	2006-07	2007-08	2008-09
Oil & Gas	193.8	312.7	545.1	634.8	775.0
Financial Business	269.4	329.2	930.3	1.864.9	707.4
Textiles	39.3	47.0	59.4	30.1	36.9
Trade	52.1	118.0	172.1	175.9	166.6
Construction	42.7	89.5	157.1	89.0	93.4
Power	73.4	320.6	193.4	70.3	130.6
Chemical	51.0	62.9	46.1	79.3	74.3
Transport	10.6	18.4	30.2	74.2	93.2
Communication (IT & Telecom)	517.6	1,937.7	1,898.7	1,626.8	879.1
Others	274.0	285.0	1.107.2	764.5	763.4
Total	1,523.9	3,521.0	5,139.6	5,409.8	3,719.9

Source: State Bank of Pakistan.

Leave of Absence

جناب چیئرمین: ڈاکٹر کھٹومل جیون ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 22 فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: حاجی محمد عدیل صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 22 فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: محترمہ فرحت عباس صاحبہ ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 22 فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکی تھیں۔ اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: محترمہ گلشن سعید صاحبہ ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 19 فروری کے اجلاس میں شرکت نہیں کر سکی تھیں اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب رحمت اللہ کاکڑ، وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات نے اطلاع دی ہے کہ وہ ایران کے سرکاری دورے پر ہیں اس لیے 22 فروری تا یکم مارچ تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

Adjournment Motion

جناب چیئرمین: Adjournment Motion شاہد اکبر بگٹی صاحب۔ Bugti Sahib, please read your adjournment motion. شاہ صاحب، ذرا توجہ دیجیے، ایک adjournment motion آیا ہے، آپ کی توجہ کی ضرورت ہے۔

Senator Shahid Hassan Bugti: Sir, thank you very much. I beg leave to move that the normal proceeding of the Senate may be adjourned to discuss the following matter of urgent importance. Sir, it has been reported by the Daily Khabrian of 22nd February, 2010.

جناب چیئرمین: ایک منٹ پہلے پوچھ لیجیے کہ یہ آپ کا adjournment motion oppose کر رہے ہیں یا نہیں۔ Are you opposing this adjournment motion? oppose نہیں ہو رہا۔ اس کا مطلب ہے کہ ٹھیک ہے the motion is in order, the leave is granted and I think that will be discussed on a day to be fixed later on. Now let us look into the legislative business. شاہ صاحب، یہ جو آپ کا Bill ہے۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: جناب! میری گزارش ہے کہ Minister for Law and Parliamentary Affairs and MOS, they were supposed to be in the House and I have already intimated to them

that today there is a business on the order of the day, they said they would be in the House.

جناب چیئرمین: آپ ان کو بلوا لیجیے تا کہ پتا چل جائے، کافی عرصے سے defer ہو رہا ہے۔ اس میں آپ نے جو بھی فیصلہ کرنا ہے، کیجیے، please ان کو بلا لیجیے

Call either Minister of Law or MOS. We come to Item No.5. Swati Sahib, Minister for Science and Technology.

شاہ صاحب، Minister for Science and Technology کدھر ہیں؟ آپ نے اس سلسلے میں کیا کہنا ہے؟ Item No. 5.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ہمایوں صاحب، آپ بیٹھ جائیے، مجھے پتا ہے اس میں آپ کی amendments ہیں، وسیم سجاد صاحب کی بھی amendments ہیں۔ I have gone through the record. پہلے ان سے پوچھ تو لوں۔ شاہ صاحب، بگٹی صاحب سے بعد میں بات کیجیے گا، پہلے اس کو دیکھیں، آپ ذرا House کا کام نمٹائیں۔ Item No.5.

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, the same position, Mr. Swati is out of the country.

جناب چیئرمین: اس کو defer کر دیتے ہیں، he is not here کدھر بھیج دیں؟

سینیٹر وسیم سجاد: کمیٹی میں اگر بھیج دیا جائے۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: جناب! میری گزارش ہے کہ I don't have any information or instructions from the concerned minister.

جناب چیئرمین: کب تک واپس---

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Let the Parliamentary Minister come

ابھی انہوں نے پہلے Bill کے لیے بھی تو آنا ہے۔

جناب چیئرمین: اس کو بھی ابھی رکھ لیتے ہیں۔

سینیٹر سید نیئر حسین بخاری: اس کو بھی رکھ لیں۔

جناب چیئر مین: جی ہمایوں صاحب۔

سینیٹر محمد ہمایوں خان: جناب! جو Bill بھی تیار ہوتا ہے وہ پہلے قومی اسمبلی میں پیش کیا جاتا ہے اور وہاں سے as it is pass ہو جاتا ہے۔ لگتا ہے کہ وہاں پر کوئی technocrats or experts نہیں ہیں اور صرف وڈیرے بیٹھے ہوئے ہیں۔ جب یہاں پر آتا ہے تو اس کو bulldoze کرنا ہوتا ہے۔ ہم اگر amendment بھیجتے ہیں تو کمیٹی میں چلا جاتا ہے اور کمیٹی کا سال میں ایک اجلاس ہوتا ہے---

جناب چیئر مین: ہمایوں صاحب، ابھی آپ کی amendment discuss ہو گی، دیکھیں گے۔ آج کوئی bulldozing نہیں ہو رہی۔

سینیٹر محمد ہمایوں خان: جناب! میری تجویز ہے کہ اگر کوئی بھی Bill ہو تو Minister for Law سے کہا جائے، یہ سفارش کی جائے کہ آئندہ کوئی بھی Bill پیش کیا جائے تو پہلے سینیٹ میں پیش کیا جائے تا کہ---

Further Discussion on the Commenced Motion Pertaining to the Price Hike Situation in the Country

جناب چیئر مین: یہ تو گورنمنٹ کی مرضی ہے۔ آپ ان سے خود بات کر لیجیے گا۔ Item No. 7, Commenced Motion. کون کون سے سپیکرز ہیں؟ احمد علی صاحب، آپ نے تقریر کرنی ہے please start کیجیے۔ کچھ اور نام بھی آ گئے ہیں۔ ڈار صاحب، دیکھ لیتے ہیں کون کون ہیں۔ احمد علی صاحب، آپ start کیجیے گا۔ Very kind of you.

سینیٹر احمد علی: Unfortunately میں last week نہیں تھا، کسی کام میں busy تھا۔ بہر حال یہ اتنا ہی ضروری ہے۔ ہم سب سمجھتے ہیں کہ موجودہ مہنگائی اور price hike کا direct relation کس چیز سے ہے؟ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم یہ سارے کام کیوں کرتے ہیں جو آج اس مصیبت کو face کرنا پڑ رہا ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ کتنے زبردست statements دیئے گئے کہ ملک میں money laundering ہو رہی ہے ہم نے ان کو پکڑ لیا ہے، جیلوں میں ڈال دیا ہے، ان کے ساتھ یہ

کر دیا ہے اور اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ اس کا نتیجہ نکلا ہے کہ سارے لوگ باہر ہیں سب کی ضمانتیں ہو چکی ہیں اور کچھ prove نہیں ہوا لیکن آپ نے اس چکر میں ملک کو اتنا شدید damage کر دیا ہے کہ آج آپ کے ملک کے اوپر stamp لگ گیا ہے کہ آپ money laundering کرتے ہیں آپ black list ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا انڈیا، بنگلہ دیش، دبئی میں money laundering نہیں ہوتی ؟ وہاں کے لوگ تو کبھی اپنے ملک کے خلاف اس قسم کی باتیں نہیں کرتے لیکن یہاں اپنے ملک کے خلاف ایسی باتیں کرنے کے بعد اس پوزیشن پر لے آئے کہ آپ کا ملک black list ہو گیا اور اس کے ساتھ آپ ایک money laundering bill لے آئے اور money laundering bill کے اوپر یہ پوزیشن ہے کہ کمیٹی کے اوپر pressure ڈال رہے ہیں کہ اس کو جلدی سے جلدی پاس کر دیں۔ جناب والا! اتنے sensitive Bill جو ہوتے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ نیشنل اسمبلی میں یا تو کوئی پڑھنا گوارا نہیں کرتا یا پڑھتے ہیں تو ان کی attention کہیں اور ہوتی ہے اور اس کو پاس کرتے ہیں اور یہاں آ کر ہمارے لیے problem کھڑی ہو جاتی ہیں۔ ہم اس کو پڑھنا چاہتے ہیں ہم اس کو سمجھنا چاہتے ہیں، یہ نہیں کہ ہم اس کو پاس نہیں کرنا چاہتے ہم کرنا چاہتے ہیں لیکن قانون جب بنتا ہے تو اس کی نوک پلک درست ہونی چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ قانون کسی stage پر جا کر misuse ہو جائے۔ جناب والا! میں آپ کی attention economy کی طرف دلاتا ہوں کہ economy کی یہ حالت ہے کہ آج ڈالر 86 روپے پر trade ہو رہا ہے۔ 86 روپے پر trade کرنے کا مسئلہ کیا ہے؟ It has a direct relation between supply and demand. آپ نے اپنی supply کو by money laundering cut کر دیا۔ آپ نے ان لوگوں کو جو inter bank میں یہ کاروبار کیا کرتے تھے۔ میں کسی ہنڈی کی بات نہیں کر رہا، ہنڈی غلط چیز ہے، آپ ضرور روکیں لیکن جب inter bank trade ہو رہا ہے which is a legal aspect لیکن اس کو بھی ختم کر کے ان کو آپ نے بند کر دیا اور ایسا لگتا ہے کہ آج کل country FIA میں ہے۔ FIA سٹیٹ بینک میں گھس گئی ہے جو ان کا prerogative نہیں تھا مگر وہ گھس گئی انہوں نے سٹیٹ بینک سے ان کے licences cancel کرا دیئے۔ آج وہ سب لوگ ضمانت کرا کے ملک سے باہر ہیں. that means they are not proven guilty. سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب یہ بات منسٹروں پر آتی ہے تو کہتے ہیں کہ کورٹ میں کیس چل رہا ہے we are not guilty unless proven guilty تو اگر یہی attitude اس طرف رکھیں کہ کورٹ میں کیس چل رہا ہے تو

not proved that means they are not guilty تو ان کا کاروبار suspect کرنے سے کس کو نقصان ہوا ہے؟ اس سے ملک کو نقصان ہوا ہے۔

جناب والا! 86 روپے کا ڈالر اور پھر اس کے بعد آپ ایک اور کام کر دیتے ہیں، آپ کہتے ہیں کہ oil کی جتنی بھی LC کھلیں گی، وہ آپ private market سے خرید کر کھولیں۔ آپ روپے کو اور under pressure لے آئے ہیں۔ روپے کو under pressure لانے کا مطلب سمجھتے ہیں۔ اس کا مطلب سیدھا سیدھا ہے کہ آپ کی پوری economy مصیبت میں پڑی ہوئی ہے اور جب تک آپ اس طرف اپنی attention نہیں لائیں گے۔ اس طرح یہ چیزیں solve ہونے والی نہیں ہیں۔ جناب! جب آپ import کرتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ export بڑھ گئی ہے۔ Export ایسے نہیں بڑھتی۔ میں نے پہلے بھی آپ کو کہا کہ ملک میں صرف 45 components پیدا ہوتے ہیں۔ جس میں کاٹن ہے اور اس کے ساتھ لیبر ہے۔ اس کے بعد تو آپ کی ہر چیز import ہے۔ غریب آدمی کس چکی میں پسے گا۔ اس وقت غریب آدمی بہت بری position میں ہے۔ Electricity price کہاں جائے گی؟ کیونکہ ڈیزل کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں، production کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں۔ آپ ٹرانسپورٹ کی بات کریں تو آپ دیکھیں گے کہ ٹرانسپورٹ میں مسئلہ کھڑا ہے۔ ظاہر ہے کہ سب اپنے کرائے بڑھا رہے ہیں۔ کرایوں کا بڑھنا غریب آدمی کو directly impact کرتا ہے۔ وہ کرایہ afford نہیں کر سکتا لیکن آپ کو کرائے بڑھانے پڑ رہے ہیں کیونکہ آپ نے price hike کی ہوئی ہے۔ آپ کل ہی کی بات دیکھیے۔ کل پی آئی اے کی ایک چیز یہاں رپورٹ ہوئی، منسٹر صاحب نے فوراً ایف آئی اے کو حکم دے دیا کہ ان کو پکڑ لو اور ایک انکوائری کا حکم دے دیا۔ بھئی آپ کا کیا کام ہے؟ یہ سول ایوی ایشن اور پی آئی اے کا کام ہے۔ آپ اپنے آپ کو ہر جگہ کیوں لے کر چلے جاتے ہیں۔ آپ کو ان چیزوں سے رکنا چاہیے۔

میں آپ کو یہاں پر ایک بہت positive suggestion دوں گا کہ کوئی اس قسم کا قانون بننا چاہیے کہ وہ منسٹر یا وہ گورنر سٹیٹ بینک جو اپنے دور حکومت میں غلط کام کر کے نکل جاتے ہیں، ان کو بھی پکڑا جانا چاہیے کہ تم نے یہ یہ غلط کام کیے تھے تا کہ آنے والے وزراء یہ نہ سمجھیں کہ وہ جو بھی کام کریں اور چلے جائیں گے۔ ملک کو منی لانڈرنگ سے شدید نقصان پہنچا ہے۔ آج میرا ملک پوری دنیا میں بدنام ہو چکا ہے کہ ہم منی لانڈرنگ کرتے ہیں۔ جب کہ ایسا نہیں ہے۔ اسے ٹھیک طرح سے پیش نہیں کیا گیا۔ اسے number gain کرنے کے لیے misuse کیا گیا۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: اسحاق ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ ہاؤس کمیٹی میں یہ جو فیصلہ ہوا تھا کہ one of the major topics price hike اور economic situation پر ہم بات کریں گے اور پھر کوئی منسٹر صاحب اسے wind up کریں گے۔ جناب چیئرمین! دونوں اطراف کے میرے ساتھیوں نے اس issue کو flag کیا۔ جو prices کی increase ہے، یہ ریکارڈ پر آچکا ہے کہ مختلف commodities کی کچھ لوگوں نے prices quote کیں۔ اس وقت قیمتوں کے بڑھنے کی وجہ سے عوام میں unrest ہے، چاہے وہ یوٹیلٹی کی قیمتیں ہوں، بجلی گیس یا کھانے پینے کی اشیاء ہوں۔ ٹائم بچانے کے لیے میں ان چیزوں کو نہیں دہراؤں گا، کیونکہ وقت محدود ہے۔

یہ جو Statistical Division, Federal Bureau of Statistics کا January 2010 کا جو monthly review ہے prices indices کے بارے میں، صرف اس کے حوالے سے ریکارڈ پر یہ میں لانا چاہتا ہوں کہ ابھی بھی ہمارا معاملہ کافی sensitive ہے کہ January 2010 over corresponding month of the previous year جو change ہے وہ Consumer Price Index 13.68% ہمارا بڑھا ہے۔ ہماری sensitive price index جو ہے وہ 18.35% اور wholesale price index 19.64% بڑھا ہے۔ Although اس پر کام ہو رہا ہے اور global trend چاہے آپ commodities کی prices لے لیں یا دوسری چیزوں کی مثلاً wheat لے لیں تو at one time, it was Rs1100. Now it is down to around Rs.650. اب آپ oil کی قیمت لے لیں تو 60-70 ڈالرز ہے۔ and the same touched 150 dollars.

یہ وہ ساری چیزیں ہیں جن کا impact اب پاکستان میں بھی نظر آرہا ہے لیکن ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہماری جو economic situation اور یہ جو melt down type crises ہم نے face کیا ہے، اس کی بنیادی وجہ جو تھی کہ 2007 تک probably one of the longest economic boom دنیا میں تھا۔ ہم نے as Pakistan وہ opportunity miss کی، ہم نے اپنی real economy پر focus نہیں کیا۔ ہم نے اپنے agriculture کو جو backbone of the

economy ہے، اسے strong نہیں کیا۔ ہم نے اپنی manufacturing کو competitive نہیں بنایا بلکہ اس کی طرف توجہ ہی نہیں دی۔ یہ ہمیشہ سے international اداروں کا، World Trade Organization ہو یا دوسرے ادارے ہوں، وہ پاکستان کو ایک trading منڈی بنانا چاہتے تھے۔ There has been a long history of dispute between Pakistan and different other forums کہ جی وہ چاہتے تھے کہ آپ duties کو اتنا scale down کردیں کہ virtually ہم non-competitive ہو جائیں، ہماری industry بند ہو جائے اور ہم ان ممالک سے منگوائیں۔ یہاں تک کہ آپ کو یاد ہوگا کہ PLD جو wheat کے لیے ہوتا تھا، wheat تک ایوب خان صاحب کے زمانے میں وہ امریکہ سے منگواتے اور یہ ان کی preference ہوتی ہے۔ بات یہ ہے کہ ہمیں ماضی سے سبق سیکھنا چاہیے۔ ہم نے ایک golden opportunity miss کی اور بد قسمتی سے وہ opportunity پھر آمرانہ دور میں آئی اور پاکستان اس سے فائدہ حاصل کرنے میں ناکام رہا، اپنی پالیسیوں میں ناکام رہا، اپنی real economy کو grow کرنے میں ناکام رہا اور ہم نے دیکھا کہ ہم consumption led growth کی طرف چل پڑے۔ ہم اس میں بڑا pride لیتے تھے۔ ٹیلی فون سیٹ، موبائل سیٹ ہم اتنے بنانے لگے ہیں، ہم اتنی گاڑیاں بنانے لگے ہیں، حالانکہ ان چیزوں میں بھی ہم competitive نہیں ہوئے۔ آپ ریکارڈ نکال کر دیکھیں، میں اسی فلور پر چیخ و پکار کیا کرتا تھا کہ جناب! یہ real growth نہیں ہے، آپ real economy کی طرف چلیں۔ اگر ان areas میں بھی محنت کریں تو کم از کم ہم competitive تو ہوں۔ آج آپ دیکھیں کہ نہ موبائل ٹیلی فون پاکستان سے export ہوتے ہیں، نہ گاڑیاں ہوتی ہیں۔ دو تین sectors جہاں ہم نے pride لیا۔ وہی بات ہوئی کہ خرچ ہو گیا اتنا بڑا جو credit inflow تھا، جب local demand ختم ہوئی تو ہم نے دیکھا کہ industry کی growth of large scale manufacturing industry was negative لارج انڈسٹری تفصیل دہرائے بغیر جو کچھ لوگوں نے already بتایا ہے کہ recently تھوڑا سا pick کیا ہے، ورنہ پچھلے سال negative growth میں چلی گئی تھی۔

یہ جو global economic crisis شروع ہوا end of 2007 میں اور اس نے 2008 میں severely perpetuate کیا، میں سمجھتا ہوں کہ اس کی وجہ سے پاکستان نے economically ایک انتہائی سخت دور دیکھا ہے لیکن یہ دور اور معاشی cycles دنیا میں آتے ہیں۔ ہمیں اپنی inherent economic weaknesses کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ ہماری

economic situation جو دنیا کے boom کے وقت تھی، ہم اس میں کوئی بہتری نہیں لا سکے اور ہمارے macro-economic im-balances جاری ہیں۔ ہمارے twin deficits are fiscal deficit جس کو بجٹ کا خسارہ کہتے ہیں اور ہمارا current account deficit ہے، وہ جاری و ساری ہیں۔ ہماری GDP growth بہت ہی مایوس کن ہے، ایک طرف ہماری آبادی کی شرح ہے، کسی بھی ملک میں آبادی کی شرح سے کم از کم دو چار فی صد زیادہ GDP growth ہونی چاہیے۔ ہم نے تو اس ملک میں دیکھا کہ accounting juggleries بھی ہوئیں۔ جب آپ نے اپنا base year change کیا from 1980−81 to 1999−2000, that gave the GDP all of a sudden an artificial jump of around 27% in value or in volume. میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ہمارے تمام مسائل ہیں، low GDP growth بہت اہم ہے، twin deficits ہیں، پھر ہمارا tax to GDP ratio جو ہے that continues to be very, very serious issue for Pakistan. آج سے چند سال پہلے it was 14.6% in 1998−99. Now with improvement in economy, we are below 9%. میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے لیے بڑے serious مسائل ہیں۔

میں appreciate کرتا ہوں چیئرمین فنانس کمیٹی کو کہ انہوں نے بھی ایک بڑے major, core issue کا ذکر کیا اور وہ تھی devaluation of currency. ہمیں اس پر بھی focus کرنا ہوگا۔ جناب چیئرمین! دیکھیں یہ جو in box conventional formulas ہیں IMF اور World Bank کے، یہ third world economies میں نہیں چلتے۔ You have to pragmatically adjust things یا تو آپ کی اتنی depth ہو مارکیٹ میں کہ آپ روپے کو easy جانے دیں اور وہ جہاں جائے چلا جائے۔ یہی ملک ہے، یہی ملک sanctions میں تھا 1998 میں جب پاکستان ایک ایٹمی قوت بنا اور میاں محمد نواز شریف نے 28 مئی کو ایٹمی دھماکہ کیا لیکن we were ready as a nation کہ پاکستان کو ایک قیمت ادا کرنی پڑے گی اور وہی ہوا کہ ساری دنیا نے پابندیاں لگا دیں، ساری دنیا نے پاکستان کو strangulate کرنے کی کوشش کی۔ ساری دنیا نے یہ کوشش کی ہماری economy ختم ہو، ہم ایک failed state بن کر ہاتھ جوڑ کر، اپنے knees پر گر کر nuclear roll back کریں۔ جناب! اس زمانے میں بھی آپ کو یاد ہوگا، خصوصاً ستمبر 1998 کا نیشنل اسمبلی کا آپ ریکارڈ اٹھا کر دیکھیں تو جو تقاریر ہوئیں، اس وقت ہم حکومت میں تھے، ہمارے ساتھی اس وقت

اپوزیشن میں تھے، تقاریر کیا ہو رہی تھیں، کہ جناب اس وقت ڈالر Rs.69 touch کر گیا mid-day میں اور رات کو جو highest closure تھا Rs.67 اس زمانے کا تھا۔ تقاریر ہوئیں کہ یہ 100 روپے پر touch کرے گا دسمبر 1998 تک۔ جناب! میں نے اس وقت بھی اس سے differ کیا۔ ایک handful of speculators پاکستان میں موجود ہیں اور وہ handful of speculators یہ نہیں سمجھتے کہ ہمارے چند لاکھ یا چند کروڑ روپے جو بنتے ہیں، اس کا پاکستان کو کتنا بڑا نقصان ہوتا ہے۔ ایک روپے کی devaluation اگر اس وقت 36 billion cost کرتی تھی پاکستان کو تو آج وہ 56 billion rupees cost کر رہی ہے کیونکہ ہمارا 56 billion dollars قرضہ ہے۔ ہمیں ان handful of speculators سے deal کرنا چاہیے، ہمیں اس کو focus کرنا چاہیے۔ ہمیں غیر ضروری statements سے اجتناب کرنا چاہیے۔ میں بڑے ادب سے یہ کہہ رہا ہوں کیونکہ جب ایک senior Cabinet member کہے گا کہ inflation کی وجہ سے روپے میں اور کمی آئے گی جیسے ہم نے پرسوں ایک statement سنی اور وہ کل جب اخبار میں چھپی، کل market میں panic ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں نہ صرف ایسی statements سے اجتناب کرنا چاہئیے بلکہ ہمیں تمام corrective measures لینے چاہئیں، میں ذاتی طور پر 99-1998 میں اس process سے گزرا ہوں۔ آپ اللہ کے فضل اور ایمانداری کے ساتھ اپنی commitment پوری کرنے کی کوشش کریں تو you can make a change in this country. آپ دیکھیں کہ وہی dollar 69 rupees کا تھا اور جو لوگ کہتے تھے کہ 100 rupees کا ہو گا، that ultimately within a period of 3 and half months came to 51 rupees 80 piasas اور یہ اگلے 8 مہینے 52 روپے کی range میں رہا، the buying and selling difference was narrowed to 20 paisas only.

جناب! میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک major negative contributor ہے، IMF سمیت جو اس کو propagate کرتے ہیں کہ آپ کو currency devaluation کی ضرورت ہے، یہ 3rd World یا developing economies کو کرتے ہیں، ان کا rational کیا ہوتا ہے، ان کا rational اس کے پیچھے یہ ہے کہ آپ یہ کریں گے تو آپ کی exports بڑھیں گی، آپ کی exports بڑھیں گی تو آپ کی economy grow کرے گی، آپ کی economy grow کرے گی تو employment ہو گی۔ جیسا کہ Sir, this all has proved to be rubbish trickle down theory ثابت ہوئی۔ جب سے یہ Brettenwood institutions بنی ہیں اور trickle down theory چلی ہے،

آپ بھی مشرف صاحب اور شوکت عزیز صاحب کو سنتے رہے کہ اس trickle down theory کو دو سال لگیں گے، پانچ سال لگیں گے، وہ یہ کہتے کہتے خود trickle down ہو گئے، trickle down theory کا عام آدمی کو کوئی فائدہ نہ ہوا۔ It is now trickle up theory which very few believe, I think that is the real one کہ لوگوں کو نیچے economically empower کریں، آپ اپنی population growth and GDP کو integrate کریں یا تو آپ اپنی population growth کو نیچے لے کر جائیں جیسے مختلف ممالک لے کر گئے، اگر نہیں لے جا سکتے تو آپ اپنی GDP growth کو بڑھائیں تا کہ آپ at least, you create real growth in the economy. ہم نے دیکھا کہ اس میں بھی unfortunately, we have been unable to achieve anything اور پاکستان جیسے countries کی یہ بد قسمتی ہے کہ آپ مجھے بتائیں کہ ڈالر 87 پر ہو گیا تو پاکستان کی کتنی exports بڑھی ہیں، we have failed to increase our general exports. ہوتا کیا ہے، this is now again my experience as a Commerce Minister, in this country, the practical experience is that آپ کی جوں جوں currency devalue ہوتی ہے جناب چیئرمین! آپ کے Overseas importers نے پاکستانی exporters کے لیے جو LCs کھولی ہوتی ہیں، they fly in وہ کہتے ہیں کہ آپ ہمیں devaluation کا آدھا حصہ pass کریں، discount دیں، آپ کی آدھی devaluation discount میں نکل جاتی ہے یعنی آپ کی price in terms of foreign currency نیچے چلی جاتی ہے۔ دوسرا آپ کی ساری input costs بڑھ جاتی ہیں، آپ کا oil بڑھ جاتا ہے جب ہر چیز بڑھتی ہے تو as a consequence of that وہ جب سارا کچھ ہوتا ہے تو آپ کی cost of production بھی بڑھ جاتی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ it is not a good tool, it has never worked at least in developing countries including Pakistan. میں سمجھتا ہوں کہ it has to be integrated, it has to be properly monitored, کچھ لوگ پھر کہیں گے کہ State Bank autonomous ہے، monitory policy independent ہے، for heaven's sake, they are not state within state. It is one country, you have to integrate the fiscal policy and monitory policy. You have to make sure and assess what the advantages will come.

جناب چیئرمین! چند لوگوں نے ان پچھلے چند ہفتوں میں یا چند مہینوں میں کروڑوں روپے بنائے ہوں گے by devaluation from 64 to now 86 rupees yesterday. جناب چیئرمین صاحب! you know, but look at the country, how much your country's debt by this devaluation has increased, over almost one thousand billion rupees over the last 2 years. میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس پر focus کرنا ہو گا، ہمیں اس کو دیکھنا ہو گا، اسی طرح جو ہمارا national debt ہے the debt is becoming a real issue and as is said it was the legacy of the past dictatorial regime which the democratic, you know, Government inherited but at the same time, you must now manage to come out of it and start moving towards the right direction, وہ Fiscal Responsibility Law جس کی میں نے 99 میں شروعات کیں اور eventually وہ coup ہونے کی وجہ سے 2002 میں implement ہوا that has gone for 6, nobody bothered about that اگر ہم اسی Law کو follow کرتے، ہم اسی لحاظ سے اپنے debt کو manage کرنے کی کوشش کرتے تو پاکستان کا debt over a period of decade should not have gone from 3000 billion rupees to 9000 billion. ہمارا almost آدھا debt is now foreign, almost آدھا debt is now local, how we are going to service, ہماری total debt servicing used to be about 170 billion ruppes, آج سے ایک decade پہلے تھی۔ آج debt servicing is 750 billion, آپ جتنے current expenditures کو بڑھائیں گے، non–development اخراجات بڑھائیں گے۔ آپ کی جو فالتو یہ debt servicing ہے، this all will obviously have a direct impact on your development expenditure. میں بڑی بد قسمتی سے اس House سے یہ share کروں گا اور Minister صاحبہ wind up کریں گی تو ہمیں confirm کریں گی، the market news are that the PSDP جو 400 ارب Federal government کا رکھا تھا، 200 provinces کا ہے that is going to be curtailed by 150 billion, now Mr. Chairman, this is a major cut. آپ imagine کریں کہ جو countries یا economies

جنہوں نے grow کیا ہے، post World War II میں ان کے تین، چار main focuses رہے
ہیں، one is your population growth, the other one is vocational and primary education, the health was the 3rd one, creation of infrastructure was the fourth one لیکن ہم نے savings کی طرف توجہ ہی نہیں دی اور ہماری policies are continuation اور of unfortunately General Musharraf's policies, we are not focusing on how to promote savings. اس کی وجہ obviously there is discouragement, ہم کئی دفعہ Finance Committee میں take up کرچکے ہیں، there is huge margin what the financial institutions charge the borrowers and what they pay to the deposit holders;. there is huge difference, this covers their non performing loans جو کہ political bases پر اربوں روپے دیتے ہیں اور پھر ضائع کرتے ہیں، this covers their lavish administrative expenses. یہ ساری چیزیں جو ہیں، وہ integrated طریقے کے ساتھ I think, we need to focus on a priority bases. اسی طرح میں نے جیسے عرض کیا کہ ہمارا آنے والا ایک major issue ہو سکتا ہے اور again ہم سب کو پتا ہے کہ Government has agreed with the IMF to introduce value added tax, I am worried, یہ England میں اس وقت introduce ہوا I know when I was there in practice in early 70s how much difficulties countries like U.K میں tax payers نے experience کیں۔ How much, you know, the VAT department used to close their eyes on minor non-complaiance . ہم نے نہ اس پر proper education کا سلسلہ کیا ہے، نہ اس کو publicity دی ہے، نہ لوگوں کو train کیا ہے، نہ جو stake-holders in business community ہیں ان کو on board لیا ہے، how we are going to just pass a law, is it something electric shock that we just push the button and job will be done. It is not possible, you need education and home work.

اس کے علاوہ اس میں مجھے ایک اور problem نظر آتا ہے جو ابھی تک ہمارے system میں ہے value added tax has a certain pre-requirement. No.1,

نہیں economy documented ہمیں پتا ہے کہ ہماری پوری documented economy ہے، No.2, each link of the entire production from raw material to the end user together, there must be complete chain, they should all be registered; no exception, no exemptions, nothing of that sort پھر only then you will be able to recover at every stage, at every next step, some additionality کیونکہ آپ پچھلا input credit دیتے ہیں، جو نئی out-going invoice ہے، آپ اس پر اپنا rate دیتے ہیں تو, Sir again, you have some additionality. اس پر ابھی ہمارے اتنے سارے problems موجود ہیں، ہم ان کی موجودگی میں کیسے یہ پہلی جولائی سے لاگو کر سکیں گے، I still fail to believe that already ہمارا مارچ شروع ہونےوالا ہے، میں نے ان کے کوئی education کے programmes نہیں دیکھے، میں نے کوئی business community کے ساتھ interaction نہیں دیکھا، I hope that it is not a non-starter کیونکہ اگر خدانخواستہ یہ فیل ہوا تو بڑا نقصان ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ IMF ہو یا کوئی اور ہو، sir, we should be dealing with them from point of strength. انہوں نے اگر 1st July رکھی ہے یا تو ہم اپنی war footing پر تیاری کرتے، سب لوگوں کو تیار کرتے یا ہم اور time لیتے، we should have sufficient time to educate people, to have, you know, the whole system ready to do away with the exemptions and complete the whole chain of production right from the initial process to the end user, only then you can be successful. Sir, I am giving all these comments based on my own personal experience in country like U.K کہ وہاں یہ حالت تھی پہلے دو تین سال V.A.T department نے closed their eyes اور جتنی چھوٹی چھوٹی irregularities ہوتی تھیں، وہ اس کو condone کر دیتے تھے، ہمارا تو الاما شاء اللہ basically except very few people most have different mind set. ہم نے اگر اس VAT system کو introduce کرنا ہے تو میری آپ کے توسط سے یہ گزارش ہو گی کہ please for heaven sake, we have very limited time اس کے لیے تیاری کریں یا آپ اس کو implement کرنے کے لیے اس میں time extension لیں، اگر آپ نے کرنا ہے تو پھر اس کے لیے پوری تیاری کریں، ہماری تیاری نہیں ہے، یہ تین مہینوں میں نہیں

ہونے والا، آگے ہمارے بجٹ کی exercise شروع ہو جائے گی and the two things will converge and I think, we will have a serious problem.

میں ایک اور point record پر لانا چاہوں گا۔ I think we must find out of ہو رہے losses میں جو box solution to eliminate public sector enterprises they are eating up our resources, they are huge in numbers, 300 ہیں it's تین سو ارب روپیہ Can we afford it? No, we can't, کے قریب billion rupees بھی کاٹنے کی ضرورت نہ PSDP نہ ہو رہا ہوتا تو آج آپ کو loss اگر تین سو ارب loss money, the پڑتی، چار سو سے اڑھائی سو ارب پر لانے کی ضرورت نہ پڑتی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لیے بھی اسی طرح جیسے میں نے عرض Government must look into this on a war footing. our goal کرنا ہے بلکہ revive کو نہ صرف manufacturing sector کیا کہ ہم نے ہوتا تھا deletion programme اور آپ کو معلوم ہو گا کہ ایک should be self reliance I mean this is نہیں ہوا۔ implement پاکستان میں religiously اور ابھی بھی ہے، وہ آج تک all vested interest holders get together and then کہ اس میں مل ملا کر a fact automobile deletion کیا جو ہمارا they dictate their real objective. No, that's why they کر لیا۔ successfully complete تھا وہ ہم نے programme have not been competitive, you can't afford to export your vehicles and automobiles manufactured in Pakistan. Same is the case with value دنیا textile.The country has huge investment in textile sector. and we have again ignored it and کے ساتھ کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہے addition we have been unable to handle this sector. This could end up, you اسی know, in increasing the Non-performing loans in a huge number. دینی پڑے گی تا کہ ہم preference کو industries کے لیے import substitution طرح ہمیں کیا، ان کے ایجنڈے explain کو WTO جیسے میں نے کریں۔ جناب! raw material import they don't want Pakistan to be a very strong country اور ہیں، economically, they don't want us to grow our real agriculture and

ہمیں وہ industrial economy grow کرتے نہیں دیکھنا چاہتے۔ ہمیں اپنی priorities fix کرنی ہیں اور اگر ہم اپنی priorities ان ساری چیزوں کو مد نظر رکھ کر کریں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ we can certainly over come this serious problem in a matter of three four years and Pakistan can move forward in the right direction. Sir, I hope, I am not taking more time. Thank very much.

Mr. Chairman: No, no. Thank you Dar sahib. Mr. Hamayun Khan.

سینیٹر محمد ہمایوں خان: شکریہ جناب چیئرمین۔ مجھے اس ایوان میں آئے ہوئے تقریباً سال پورا ہونے کو ہے۔ اس دوران میں میرے کسی دوست نے ایک دفعہ مجھ سے پوچھا کہ جب آپ وہاں سینیٹ میں بات کرتے ہیں تو آپ کیسا محسوس کرتے ہیں۔ میں نے کہا مجھے ایسا لگتا ہے جیسے میں دیواروں سے باتیں کر رہا ہوں۔ اس نے کہا کہ پھر آپ بات کیوں کرتے ہیں، تو میں نے جواب دیا کہ سنا ہے کہ دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں۔ اس نے کہا اگر دیواروں کے کان ہوتے ہیں تو کیا دیواروں کی زبان بھی ہوتی ہے۔ میں نے کہا یہ مجھے نہیں پتا، میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ دیواروں کی بھی زبان ہو جائے اور ہماری بات سن کر آگے بڑھا دیں۔

جناب! بد قسمتی سے اس ملک میں قائد اعظم محمد علی جناح کے بعد competent and sincere leadership کی بہت کمی رہی ہے، جس کی وجہ سے معاملات بگڑتے بگڑتے یہاں تک پہنچ گئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس دوران میں dictatorship جتنی دفعہ بھی آئی ہے وہ بھی ہمارے politicians کی ناکامی ہے، اگر ہم اپنے معاملات صحیح طریقے سے handle کرتے تو بات یہاں تک نہ پہنچتی۔ بات یہ ہے کہ پاکستان potentially قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، اسے دنیا کے بہترین ملکوں میں شمار کیا جانا چاہیے تھا لیکن اس وقت اگر ہم اپنے ارد گرد نظر دوڑائیں تو جو ملک 60s and 70s میں ہم سے بہت پیچھے تھے، وہ آج ہم سے بہت آگے نکل گئے ہیں اور ہم ترقی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ گئے ہیں۔ ہماری economy in shamble ہے۔ اس کی ایک ہی وجہ سمجھی جاتی تھی وہ bad governance ہے

جناب چیئرمین! Corruption انتہا کو پہنچ گئی ہے، ایک بین الاقوامی ادارے کے مطابق 400% بڑھ گئی ہے اور وہ ہماری جڑیں کھوکھلی کر رہی ہے۔ ہمارے ہاں کبھی گندم کی کمی ہوتی ہے،

کبھی اس کے prices shoot-up کر جاتے ہیں، کبھی چینی کی کمی ہوتی ہے، بجلی کی کمی ہے، پانی کی کمی ہے، گیس کی کمی ہے، ان کے prices کا مسئلہ ہے۔ میں یہ سوچتا ہوں کہ اس کی وجہ کیا ہے تو مجھے وہ حدیث نبوی یاد آتی ہے جس کے مطابق سرکار دو عالم ﷺ نے کہا کہ جب حکمرانوں کی نیتیں خراب ہو جاتی ہیں تو ملک سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج یہ برکت اٹھ گئی ہے، جس کی وجہ یہی ہے کہ ہمارے حکمرانوں کی نیتیں خراب ہیں۔ اگر ہم agriculture potential کو utilize کریں تو ہم پورے South Asia کو ہلا سکتے ہیں لیکن ہم Asia کو تو چھوڑیں ہم اپنے آپ کو نہیں ہلا پا رہے۔

آپ ٹیکسٹائل میں دیکھیں کہ ہم کاٹن کے fourth largest producer ہیں لیکن اس کے باوجود ہم China, Bangladesh اور دوسرے ملکوں کے مقابلے میں اپنی market lose کر رہے ہیں۔ ہم Chinese model کو follow کر سکتے تھے کیونکہ وہاں بھی GT cotton کے ذریعے انہوں نے اپنی کاٹن کی production بڑھا دی اور ان کی price بہت کم ہو گئی، انہوں نے three gorgeous dam بنا کر electricity کو dead cheap کر دیا اور اپنے بہت work force کو textile industry میں جو کہ labour intensive industry ہے، میں کھپا دیا ہے اور انہیں روزگار فراہم کر دیا ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی)

جناب چیئرمین: جی ہمایوں صاحب۔

سینیٹر محمد ہمایوں خان: ٹیکسٹائل انڈسٹری کے علاوہ باقی industries بھی دن بدن close ہوتی جا رہی ہیں، جس سے غربت میں اضافہ ہو رہا ہے اور اس sector میں اضافہ ہو رہا ہے جو below poverty line اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں، بیروزگاری بڑھ رہی ہے۔ جناب چیئرمین! یہ ملک ہم نے اللہ سے اللہ کے نام پر مانگا اور اللہ نے ہمیں دے دیا لیکن اس ملک میں اللہ کا نظام رائج ہونا چاہیے تھا، وہ ہوا نہیں۔ ہم نے صرف ایک ہی بات سیکھی کہ بابا! اللہ کے نام پر دے دو اور وہ بھی ہم IMF and World Bank سے لے رہے ہیں جو کہ شاید اللہ کو مانتے بھی ہیں یا نہیں۔ ہمارا exchange rate بہت بڑھ چکا ہے، ابھی ڈار صاحب نے بھی ذکر کیا کہ 60 سے 86 روپے تک پہنچ گیا ہے۔ Export کے جو فوائد ہیں پتا نہیں وہ اتنے ہیں کہ نہیں، اس کے جو دوسرے مضر اثرات ہیں ان سے losses بھی ہو سکتے ہیں، وہ میرے خیال سے اس وقت کافی زیادہ ہیں اور وہ ہمارے control

میں نہیں رہا۔ Indirect taxes ہمارے بجٹ میں بہت زیادہ رکھے جاتے ہیں، شاید direct taxes کے وصولی میں problem ہے یا informal sectors کو include کرنے کے لیے یہ کیا جاتا ہے لیکن اس سے غریب لوگوں پر بہت اثر پڑتا ہے کیونکہ یہ زیادہ تر غریب لوگ ادا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب ہمارا budget deficit بڑھتا ہے تو ہم development budget dump کر دیتے ہیں جبکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ otherwise ہونا چاہیے۔ Development Budget آپ کا future ہے۔آپ کو Administrative expenses کم کرنے چاہییں وہ آپ نہیں کر رہے لیکن آپ ساتھ میں development کو کم کر رہے ہیں، اس سے بہت سارے مسائل جنم لے رہے ہیں اور cost over run بھی آتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ہاں جو Law and Order situation کی وجہ سے Foreign Investment پچھلے کچھ عرصے سے بالکل کم ہو گئی ہے، نہ ہونے کے برابر ہے۔ہمیں اپنی governance کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ ہمارے ادارے کمزور ہیں، اداروں کو مضبوط کریں۔ اس ملک میں بہت potential ہے، یہ بہت grow کر سکتا ہے۔ میں اپوزیشن سے بھی یہ درخواست کروں گا، شکر ہے کہ میں independent ہوں کہ وہ بھی لانگ مارچ کرنا چاہیں تو صرف عدلیہ کو بحال کرنے کے لیے نہیں بلکہ مہنگائی اور economy کو ٹھیک کرنے کے لیے بھی لانگ مارچ کریں، ہم بھی اس میں ان کا ساتھ دیں گے۔اداروں کو مضبوط کریں، اداروں کو مضبوط کرنے کے لیے سینیٹ بھی موجود ہے کہ جو بھی upper level appointments ہوتی ہیں یا Heads of the State Enterprises ہیں یا Autonomous bodies ہیں، ان کی final appointments سینیٹ کی ایک کمیٹی کرے جس میں آدھے لوگ حکومت کے اور آدھے اپوزیشن کے ہوں وہ ان کی appointments confirm کریں تب جا کر یہ ہو سکتا ہے کہ جو بھی کسی ادارے کا سربراہ آ رہا ہے وہ زیادہ accountable ہو گا، اس کے ساتھ اپوزیشن کی strength بھی ہو گی اور وہ حکومت سے بلیک میل بھی نہیں ہو گا اور یہ طریقہ ملک کو ایک صحیح راستے پر ڈال دے گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سردار لغاری صاحب! آپ speech کریں گے۔ ہارون صاحب نے تقریر کر لی ہے۔ جی۔

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔شکریہ جناب چیئرمین! جو موضوع اس وقت زیر بحث ہے Price hike کے حوالے سے، اکثر میرے colleagues اس

کے مختلف aspects cover کر چکے ہیں ۔ میں اپنے آپ کو محدود رکھوں گا ، کوئی لمبی چوڑی تقریر کرنے کا آج میرا ارادہ نہ تھا لیکن ایک چیز کو میں ضرور highlight کروں گا کہ مہنگائی جو اتنی زیادہ manifold increase ہوئی ہے میرے نظریے کے مطابق اس کی سب سے اہم وجہ جو کہ میرے معزز اراکین پارلیمنٹ نے واضح نہیں کی وہ صرف اور صرف mismanagement اور انتہا کی کرپشن ہے۔ یہ حکومت شاید لوگوں کو مخلص نظر آرہی ہو کہ یہ tax collections میں مخلص ہے ، کامیاب ہو لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ حکومت جس کے اوپر سنگین الزامات ہیں ، ان کے کچھ so called معزز اراکین کے اوپر انتہا کے کرپشن کے الزامات ہیں ، ان میں مادہ ہی نہیں ہے کہ وہ جو حق ہے tax collections کا اس کے حصول میں کامیاب ہو سکیں گے۔ آپ کے علم میں ہے ، عدالت عالیہ نے جو ایک تاریخ ساز فیصلہ کچھ دن پہلے کیا اس میں برملا انہوں نے کہا کہ جو Swiss Courts ہیں ان کو حکومت وقت approach کرے۔ جس callous طریقے سے حکومت نے عدالت عالیہ کے order کو ابھی تک flay کیا ہوا ہے اور مختلف باتیں جناب وزیراعظم صاحب کرتے ہیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ عدالت عالیہ کے فیصلے کا تقدس اور احترام ہم پر واجب ہے اور ساتھ ہی وہ یہ بات کرتے ہیں کہ I will go by the book and by the law اور ساتھ ہی وہ اپنی تقریر میں یہ بھی کہتے ہیں جو انہوں نے پرسوں فرمائی کہ کرپشن تو ایک بہت ہی چھوٹا مسئلہ ہے۔ جناب والا، میں سمجھتا ہوں کہ ایک منتخب وزیراعظم جب اپنے خطاب میں یہ اقرار کرتے ہیں کہ کرپشن ایک بہت ہی چھوٹا issue ہے تو میں اس کو اس مقدس ایوان میں challenge کرتا ہوں کہ کرپشن کی وجہ سے پاکستان کا قیمتی سرمایہ باہر گیا ہوا ہے ، جب تک آپ اس کو واپس نہیں لے کر آئیں گے آپ غربت اور افلاس کو کیسے ختم کر سکتے ہیں۔ مہنگائی کا یہ عالم ہے کہ آج سے دو سال پہلے چینی چالیس روپے کلو فروخت ہو رہی تھی اور اب اس کی قیمت ستر روپے سے اوپر ہو گئی ہے۔ جو strong cartels ہیں چاہے وہ میری جماعت کے ہیں ، چاہے وہ پیپلز پارٹی کے ہیں ، چاہے وہ نواز لیگ کے ہیں ، چاہے ان کا تعلق کسی بھی جماعت سے ہو، میں چاہتا ہوں کہ جن کا جماعتوں سے تعلق نہیں بھی وہ powerful industrial tycoons جب کہ ECC کا جو بھی decision ہے اس کو openly flout کرتے ہیں اور اس کے اندر اربوں روپے بنا لیتے ہیں تو کس کے expense پر؟ suffer تو غریب ہی کر رہا ہے اور پھر حکومتی اعلیٰ عہدیداران کی یہ ---- معذرت کے ساتھ ٹھیک ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اگر چینی مہنگی ہو گئی ہے تو چینی مت کھاؤ۔ جناب والا، چائے جو کہ ایک بنیادی ضرورت بن چکی ہے ، چاہے غریب ہے یا متوسط طبقے سے اس کا تعلق ہے ،

چاہے وہ امراء کی صف میں شمار ہوتا ہے اور خاص طور پر بلوچ لوگ۔ میرے ساتھ ڈاکٹر عبدالمالک بیٹھے ہوئے میرے بڑے بھائی ہیں ان سے پوچھیں کہ کیا بلوچ چائے کے بغیر رہ سکتا ہے؟

جناب والا، عرض کرنے کا مقصد ہے کہ corruption is the roote cause of مہنگائی اور اگر آپ نے مہنگائی کو ختم کرنا ہے تو پہلے اپنے اداروں کو مستحکم کرنا ہوگا۔ اپوزیشن نام کی تو کوئی چیز رہ ہی نہیں گئی اور سب سے بڑی بات کہ میثاق جمہوریت جس پر دستخط ہوئے اور اس میں ایک accountability clause کی بھی ہے میں سمجھتا ہوں کہ میثاق جمہوریت کی جو سب سے بڑی چیز اس وقت عوام پر واضح ہو چکی ہے وہ یہی ہے کہ ماضی کی جو تمام corruptions تھیں، چاہے وہ ایک جماعت نے کی، دوسرے نے کی یا تیسری نے کی، اس پر اب خاموشی سادھ لی جائے اور آگے کے لیے ان باتوں کو مت اٹھاؤ۔ جو مسودہ احتساب آرڈیننس کا آرہا تھا اس کے اندر ہم سیاستدانوں کو تو totally exonerate کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ ہماری Accountability ایوان کے اندر ہوگی۔ Public Accounts Committee میں ہوگی کیوں؟ ہماری Accountability اگر Public Accounts Committee کا چیئرمین جو کہ چوہدری نثار صاحب ہیں، میں ان کی عزت کرتا ہوں لیکن جو آجکل بد قسمتی سے پوری پاکستانی قوم دیکھ رہی ہے وہ یہ ہے کہ یہ سمجھوتہ ایکسپریس کے اوپر دونوں سوار ہیں۔ الحمدللہ ہماری پارٹی، میں اپنی جماعت کا سینئر نائب صدر ہوں، جب میں یہ بات کر رہا ہوں تو سمجھیں ہماری پارٹی کی یہ line ہے۔ ہم لوگ اس قسم کے مسودوں کو نہیں مانتے، ہم احتجاج جاری رکھیں گے چاہے وہ میڈیا پر ہے یا ایوان میں ہے۔

جناب چیئرمین! مہنگائی کی اور بھی کئی وجوہات ہیں جو میرے فاضل اراکین نے cover کی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ مہنگائی کی اصل جڑ یہ ہی کرپشن ہے جو کہ ایک لعنت ہے۔ جس کو ختم کرنے کے لیے ہم لوگوں کو انقلابی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، جس سے آپ کی حکومت کا گراف اونچا ہوسکتا ہے۔ اگر آپ لوگ اپنے Ranks کے اندر جو اتنے بڑے بڑے مالیاتی سکینڈلز سامنے آرہے ہیں، مختلف سیکٹرز کے اندر، اگر آپ کچھ وزراء کو قربانی کا وہ بنا دیتے------ میں اس مقدس جانور کا نام نہیں لوں گا بنا دیتے تو پھر آپ شاید صرف وزارتوں میں ردو بدل نہ کرتے تو اس سے جتنا گراف آپ کی پارٹی کا بلند ہوتا شاید کسی اور کا نہ ہوتا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

